# Demonology(Realm)

# علم الشیاطین (روحانی دائرہ اثر)

فرمُودہ از

ولیم میرئین برنہم

6 February 1964 Bakersfield California USA

Published by : Pastor Javed George

End Time Message Belivers Ministry Pakistan.

**We are thankful to Gospel Way Outreach ;Kaiapoi,**

**New Zealand. They have given us helping hand to publish the books.**

**Because this church has helped us to spread the End Time Message, which**

**was given to Brother Willam Marrion Brnham**

# علم الشیاطین (روحانی دائرہ اثر)

01- میں حیران ہوں کہ کتنے لوگ اِس چھوٹے سے گیت کو جانتے ہیں، جبکہ میں آج آپکو مسیح کے پیار اور مسیحی رفاقت کی گرم جوشی میں خوش آمدید کہتا ہوں۔ وہ تیرا خیال رکھتا ہے؟ آپ اِسے جانتے ہیں؟ ٹھیک ہے۔ دیکھتے ہیں کہ ہم اِسے دہرا سکتے ہیں۔ بہن، کیا آپ اِسے جانتی ہیں۔ آپکو پتہ ہے۔؟

اب وہ بڑا خیال رکھتا ہے
وہ تیرا خیال رکھتا ہے
سورج کی گرمی اور چھاؤں سے
وہ تیرا خیال رکھتا ہے

اچھا خیر، یہ ٹھیک ہے، آئیں ایک دفعہ پھر کوشش کرتے ہیں

اب وہ بڑا خیال رکھتا ہے
وہ تیرا خیال رکھتا ہے
سورج کی گرمی اور چھاوں سے
وہ تیرا خیال رکھتا ہے

02- ہمارے آسمانی باپ، ہم تیرا شکر ادا کرتے ہیں کہ تو ہمارا خیال رکھتا ہے اور تُو نے اپنے پیار کو ہم پر عیاں کیا ہے، اس قدر زیادہ کہ تُو نے اپنے پیارے بیٹے کو بھیجا۔ خدا کا معصوم بیٹا کہ وہ گناہ گاروں خطا کاروں کی جگہ لے سکے۔ ہم کیسے تیرا شکر ادا کریں کہ تو ہمارا خیال رکھے اور یہ کرتے

ہوئے تُو نے ہمارالحاظ رکھا۔اے خداوند ہم تیری بے حد تعریف کرتے ہیں۔ہم اِس دو پہر آسمان کی چھتریوں کے نیچے جمع ہونے پر خوش ہیں اور اِس خدمت پر تیری برکت چاہتے ہیں۔عطا کر اے خداوند کہ یہاں پر موجود ہر مرد،عورت،لڑکا اور لڑکی کلام کا گہرائی سے مطالعہ کر سکے۔ہم ایک ایسی دنیا کا سامنا کر رہے ہیں جو شیطان کے قبضے میں ہے۔مزید براں،ہم دُعا کرتے ہیں کہ جوں جوں ہم شیاطین کی طاقت کا مطالعہ کرتے ہیں اور وہ لوگوں سے کیا کرتے ہیں،تو اور زیادہ ایمان عطا کرے گا اور بہت سارے نشانات اور کرامات کیے جائیں۔یہ ہم خدا کے جلال کیلئے اور مسیح کے نام میں مانگتے ہیں۔ آمین!

03- ہم اِس سہ پہر جلدی سے مطالعہ کرتے ہیں۔میرا خیال سے پندرہ منٹ قبل اور ابھی ہم علم الشیاطین پر ہیں۔

میں نے تھوڑی دیر پہلے ایک پیغام وصول کیا،بردر بیلر جو میرے دوستوں میں سے ہیں اور میں نے جولائی کے وسط میں افریقہ میں کام کرنا شروع کیا۔اور بھائی بیکسٹر اس وقت وہاں نہیں جاسکتے۔ چنانچہ میں خود ہی افریقہ جاؤں گا۔اور وہاں جاتے ہوئے۔۔۔ہوسکتا ہے۔۔۔۔۔آپ ابھی میرے لیے دُعا کریں کہ خداوند میری مدد کرے۔کیونکہ مجھے ابھی اسکی ضرورت ہے وہاں اُن کے درمیان ہونے کیلئے۔میں اُس میٹنگ میں کم از کم دو لاکھ لوگوں کی توقع کررہا ہوں۔

05- اور میں نے ایک رویا پائی کے اُس کے بارے میں یہاں لکھوں۔میں چاہتا ہوں کہ آپ لوگ اِس کا فائدہ اٹھائیں۔یہ دسمبر میں ظہور پذیر ہوئی۔میں ایک صبح کمرے میں تھا جب خداوند کا فرشتہ میرے پاس آیا۔میں۔۔۔۔آپکو پتہ ہے،میں جب وہاں تھا تو میں نے خدا کی نافرمانی کی اور مجھے ایبا(خود بنی جانور) نے پکڑ لیا۔کسی آدمی کو پتہ ہے ایبا کیا ہوتا ہے؟ ایک طفیل یہ جو تقریباً آپ کو مار دیتا ہے۔اور چونکہ میں نے کچھ ایسا کیا جو خدا نے مجھے کہا تھا کہ نہ کرنا۔کتنوں نے

اس کہانی کے بارے میں سُنا ہے؟ میرا خیال ہے کہ آپ میں کچھ یہاں موجود ہیں۔ میں جانتا ہوں ہیکل (مسکن) کے نزدیک لوگوں نے اِس کہانی کو سنا ہے کہ کیا ہوا تھا۔خدا نے مجھے ایک جگہ جانے کو کہا اور اِس جگہ سے دور رہنے کا کہا اور پھر ایک اور جگہ جانے کو کہا اور میں نے منادوں کو اِس بارے میں بات کرنے دی۔

جیسا کہ، منادحیران کن ہیں اور وہ میرے بھائی ہیں لیکن آپ اِس چیز کا خیال رکھیں کہ خدا آپ کو کیا کہتا ہے۔ٹھیک ہے۔دیکھیں آپ کو ایک مشن (مقصد) مل گیا۔

06- کتنوں کو یاد ہے کہ ایک وقت بائبل میں دو نبی تھے؟ اور اُن میں سے ایک کو خداوند نے کہا: تم ایک جگہ جاتے ہو اور کیا تم نہیں۔۔تم واپس نہیں آتے۔۔تم دوسرے راستے پر چلے جاتے ہو اور اِس طرح اور کچھ۔اور۔اور کہا: کیا تم نے کھایا پیا نہیں جب کہ تم وہاں پر تھے۔

اور اُسے ایک اور سچا نبی ملا اور اُس سے کہا: خداوند تم سے ملنے کے بعد مجھے ملا۔اور کہا میرے گھر آؤ۔اور نبی نے سُنا جو اُس دوسرے نے کہا اور اپنی زندگی کھودی۔دیکھا؟ آپ وہ کریں جو خدا آپ کو کہتا ہے قطع نظر اِسکے کہ کوئی اور کیا کہتا ہے۔

08- اب، ہم اِس رویا میں ہیں وہ۔۔۔اِس نے مجھے جگا دیا۔ستمبر یا دسمبر کی تیرہ تاریخ تھی، اور۔۔اور جبکہ میں اپنے بستر کی سائیڈ پر بیٹھا تھا، میں حیران ہو رہا تھا کہ میرا مستقبل کیا ہوگا میں۔۔۔میں یہاں جب واپس آیا وہ تیار تھے کہ مجھے وبائی شفا خانے میں چھوڑ آئیں۔طفیلیلوں نے ابھی مجھے اپنی گرفت میں لیا تھا جب میں اِس جگہ آیا تو انھوں نے میرا معائنہ کیا۔اور خدا کے فضل سے انھوں نے مجھے جانے دیا۔کیونکہ یہ بہت بکھیرا ہوا تھا۔

اور میں نے دُعا کی اور میں اُن خادموں کے پاس گیا اور کہا، خدا نے میرے لیے کہا ہے کہ اُس راستے نہ جاؤں۔

کہا،اوہ،خدا تمھارے علاوہ بھی کسی سے بات کرتا ہے۔

میں نے کہا قورح کو بھی ایک وقت ایسا ہی خیال تھا۔اور پھر۔لیکن میں گیا اور کچھ پتے لیے اور اُن کے قدموں پر رکھ دیئے اور میں نے کہا، خداوند کے نام میں یاد رکھیں، اگر ہم اُس سفر پر جاتے ہیں تو یہ ایک ناکامی ہوگی اور ہم سب اِس کی قیمت چکائیں گے۔اور یقیناً ہم نے ادا کی اور میرے۔ہم سب مرنا پسند کرتے ہیں چنانچہ واپس آتے ہوئے۔۔۔۔

10- آپ کو اُن غیر مما لک میں بہت ساری چیزوں پر قناعت کرنا پڑتی ہے۔مثال کے طور پر ایک پسو آپ کو کاٹ لے تو آپ کو چچڑی بخار ہوسکتا ہے۔اور وہ چھوٹی سی چیز جب آپ کو کاٹ لے تو آپ خارش محسوس کرتے ہیں لیکن آپ کھُرچ نہیں سکتے۔دیکھیں، یہ چھوٹی سی کالی چیز ہے، اِسے مت چھیڑیں۔اِس کا چھوٹا سا سر ہوتا ہے یہ جلد میں سوراخ کرتا ہے۔اپنے آپ کو گھماتا ہے اور اپنے آپ کو اکٹرا لیتا ہے اگر آپ اِس کو سر سے پکڑتے ہیں۔اِس میں وائرس ہوتا ہے جو آپ کو مفلوج کر دے گا۔اِس لئے آپ اِس کو مت پکڑیں یا مت کھینچیں۔تھوڑی سی چربی لیں۔ یہ اپنے پیچھے کی طرف سے سانس لیتا ہے۔ چربی اِس کے اوپر پھینکیں اور یہ مر جائے گا۔

پھر وہاں ایک چھوٹا سا مچھر ہے۔ یہ زیادہ آواز نہیں نکالتا۔ یہ ہوا کی طرف سے آتا ہے۔ یہ صرف آپ کو چھُوتا ہے اور بس۔آپ کو ملیریا ہو گیا۔

12- اور۔۔اور پھر وہاں پر سانپ ہے جسے وہ میمبا کہتے ہیں۔اگر وہ آپ کو کاٹے تُو آپ اُسکے کاٹنے کے بعد دومنٹ تک زندہ رہ سکتے ہیں۔

اور وہاں پر پیلے رنگ کا ناگ ہے۔آپ اُسکے کاٹنے کے تقریباً پندرہ منٹ تک زندہ رہتے ہیں۔اُن میں سے ایک میرے بیٹے کے بہت قریب تھا۔اتنا کہ وہ اپنا ہاتھ اُس کے سر پر رکھ سکتا ہے۔اِس سے پہلے کہ وہ حملہ کرتا ہم نے اُسے مار دیا۔

اور وہاں کالا ناگ بھی ہے۔ اور وہاں ہر چیز ہے۔ اور وہاں پر جنگلی جانور کا بھی خطرہ ہے۔ جیسے کہ شیر، چیتا یا تیندوا اور ہر چیز جس کے ساتھ جنگل میں رہنا پڑ سکتا ہے۔ اور پھر بیماریاں، وہاں پر ہر طرح کی بیماریاں ہیں۔

اور جب آپ وہاں جاتے ہیں تو آپ کو اُن سب کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اِس کے علاوہ وہاں تانترک ( کالے علم کے ذریعے علاج کرنے والے ڈاکٹر ) بھی ہیں جو آپ کو ہر قدم پر روکے گا۔

( دیکھا؟ ) اور اُن کے تمام توہمات اور اِس طرح کی چیزیں۔ لیکن کیسے، کتنی حیران کن بات ہے کہ ہمارا خداوند ایک ایک کر کے اِن چیزوں کو ہٹاتا جاتا ہے اور آپ آگے بڑھتے جاتے ہیں۔

اور اُس دن وہاں کھڑا ہوا میں یاد کر رہا تھا۔ کتنا اچھا، کیا ہوا تھا۔ میں کسی اور عبادت میں آپ کو یہ بتاؤں گا۔

کیونکہ اِس سہ پہر میں اپنے موضوع، علم الشیاطین، کی طرف آنا چاہتا ہوں۔

16- لیکن اب، وہاں بیٹھا ہوا میں یہ سوچ رہا تھا کہ انجام کیسا ہوگا؟ اور سمندر سے واپس آتے ہوئے میں جانتا تھا کہ تقریباً ایک لاکھ لوگ تبدیل ہو چکے تھے۔ جبکہ ہم وہاں تھے۔ اور بوڑھے بھائی بوس ورتھ میرے پاس آئے وہ بولے۔ میں نے کہا جی بھائی بوس ورتھ؟

انھوں نے کہا بھائی برنہم مجھے آپ پر بہت فخر ہے۔ انھوں نے کہا'' آپ کو یقین ہے زندگی کی شروعات پر یقین ہے انھوں نے کہا۔''

میں نے کہا'' میرا خیال ہے یہ سب ہو چکا ہے۔ میں نے کہا میں چالس سال سے اُوپر کا ہو چکا ہوں۔ میرا خیال ہے میں نے اچھی لڑائی لڑی اور دوڑ کو ختم کیا۔''

انہوں نے کہا'' چالیس سال گزر گئے؟ کہا میں اس سے بڑا تھا جب میں تبدیل

ہوا۔کہامیں ابھی بھی ٹھیک جا رہا ہوں۔وہ آرام سے اِس کے قریب تھے اور صرف۔۔۔میں نے سوچا خیر یہ ٹھیک ہوسکتا ہے۔

خیراُنہوں نے کہا"نہیں تم صرف بالکل نئے برتھم ہو۔تمھیں پتہ ہے کہ اپنی عبادات کو کس طرح اچھے طریقے سے کرنا ہوتا ہے اور دوسری چیزوں کو۔کہا،صرف،تم اگر صحیح طرح سے امریکہ کومتاثر کرو،عبادات کے صحیح انتظام سے،جہاں ایک جگہ پرتم چھ یا آٹھ ہفتے ٹھہرسکواور اسے اِردگردمشتہرکرسکو،کہا،تم کچھ کرسکو گے،لیکن ہمارے خداوند کے لیے،چنانچہ ہم نے بالکل اِسی طرح کیااور یہ بہت اچھا تھا۔

-21 اورتھوڑی دیر بعد جب میں نے رویا دیکھی جب کہ میں امریکہ میں ہی تھااور یہ میرے پاس آئی اور افریقہ میں دوبارہ واپس آئی اوراس نے مجھے ڈربن میں اِسی طرح کی عبادت کا انتظام دکھایا۔اورپہلی عبادت تاریخ میں گم ہوگئی،مغرب کی جانب جاتے ہوئے۔اور جب دوسری عبادت ہوئی تو یہ پہلی والی سے بڑی تھی۔اوروہ۔۔۔میں نے ایک چیخ سُنی،اور ایک فرشتہ آسمان کی طرف سے تھا؟اُس کے پاس بہت بڑی روشنی تھی۔

اورخداوند کا فرشتہ جو یہاں ہمارے ساتھ کھڑا ہوتا ہے،کھڑا تھا(ہمیشہ میری طرف کھڑا ہوتا ہے،اِس جگہ پر)اوروہ وہاں کھڑا تھااور یہ ایسے تھا۔اِدھراُدھرکھڑے ہوتے دیکھااور میں نے اِس آدمی کو اپنے قریب کھڑے ہوتے دیکھا۔وہ ایک۔۔۔وہ نہیں ہے۔۔۔یہ رویائیں نہیں ہیں جب آپ اُس کو دیکھتے ہیں۔یہ اتنا ہی حقیقی ہے جیسے آپ مجھے دیکھ رہے ہیں۔کیونکہ،آپ اُسے چلتا اوراپنے ساتھ بات کرتا ہوا سُن سکتے ہیں۔اور جب وہ۔۔۔کوئی چیز،وہ اتنا ہی حقیقی ہے جتنا کہ کوئی۔۔۔یہ کوئی رویا نہیں،آدمی وہاں کھڑا ہے بالکل اُسی طرح جیسے آپ ہیں۔اوراُس کی آواز بالکل اُسی طرح ہے جیسی میری اورآپ کی ہوگی۔لیکن یہ آدمی چلتا ہےاور کھڑا ہوتا ہے۔

23- پھر اُس نے مجھے بتایا کہ۔۔۔کیا واقع ہوگا۔اور اُس نے یہ کہا۔یہ فرشتہ نیچے آیا، اور اُس نے مجھے کہا کہ مُڑ و اور اِس کو دیکھو اور اُس نے اب انڈیا کی طرف دیکھا۔اور میں یہ نہیں کہتا کہ یہ انڈیا میں ہے لیکن اُس کے قریب ہے۔لیکن وہ انڈین لوگ تھے کیونکہ افریقی بڑے، ہٹے کٹے، وزنی لوگ ہیں۔اُن میں سے کچھ سات فٹ لمبے ہیں اور وزن، اوہ، دوسو اسی یا تین سو پاؤنڈ ہو تا ہے۔بڑے ڈیل ڈول والے، زوُلوس، اور شیگا ئی اور باسوتھو، اور، اوہ وہاں بڑے مختلف قبیلوں کے لوگ ہیں۔وہاں پر پندرہ مختلف قبیلوں کو لوگ بیٹھے ہوئے تھے جب میں اُن سے بات کر رہا تھا۔

25- میں ایک لفظ کہتا تھا جیسے کہ، یسوع مسیح خدا کا بیٹا۔میں جا کر پانی پی لیتا تھا جب تک وہ تمام ترجمانوں سے ادا ہوتا تھا۔ایک بندہ کہے گا۔۔۔اور تمام آوازیں۔۔۔میں اِس کے بارے میں سوچتا تھا جب میں نے پینٹی کاسٹل لوگوں کو زبانوں میں بولتے سُنا۔وہ ایک قسم کی آواز میں بولنا اور دوسری قسم میں بولنا، یہ اِس دُنیا میں کیسے ہوسکتا ہے؟ لیکن میں ایمان رکھتا ہوں کہ بائبل ٹھیک ہے اور یہ جانتا ہوں جب اِس نے کہا، یہاں کوئی آواز واضح نہیں۔یہ ٹھیک ہے۔اُن میں سے کچھ کہیں گے۔اُن میں سے ایک۔۔بلر بلر بلر بلر، اور اُس کا مطلب ہے، یسوع مسیح، خدا کا بیٹا، دوسرا کہے گا؟ کلک، کلک، کلک اور وہ تھا، یسوع مسیح، خدا کا بیٹا، اپنی اپنی زبان میں۔قطع نظر اِس کے کہ آواز کیا ہے۔اِس کا کہیں کوئی معنی ہے۔ٹھیک ہے۔قطع نظر اِس کے کہ یہ کس قسم کی پکار ہے۔اِس کا کسی کیلئے کہیں کوئی مطلب ہے۔اور جب وہ تھا۔۔۔وہ اِس کو ادا کرتے تھے۔

26- اور جب وہ فرشتہ نیچے آیا تو میں نے اپنی بائیں طرف ٹڈی دَل کی طرح کی چیز کو محسوس کیا۔اور وہ آدمی تھے جن کی شکل وصورت۔۔۔ایک تہ اُن کے اِرد گرد تھی اور وہ اِس سے اِس طرح بندھے ہوئے تھے جیسے بچے لنگوٹ سے بندھے ہوں یہ ایسے تھا۔اور جہاں تک میری نظر جا سکتی تھی

اور کچھ نہیں تھا سوائے لوگوں کے۔اور پھر اِس فرشتے نے بہت بڑی برقی روشنی کوجلا (عمل میں لا دیا) دیا اور یہ آگے اور پیچھے کوحرکت کرنا شروع ہوگئی۔اور میں نے اپنی زندگی میں اِس سے زیادہ لوگ نہیں دیکھے۔

اور یہ دوسرا فرشتہ واقعاً میرے بہت قریب آ گیا اور اُس نے کہا، اِس اکٹھ میں تین لاکھ لوگ ہیں، اور میں نے اِس کو وہاں پر تحریر کیا۔اور تم اِسے کسی چھوٹی سی چیز جیسے کہ کاغذ پر لکھو جیسے کہ میں نے تمھیں چھوٹے بچے کے بارے میں بتایا جو فن لینڈ میں زندہ ہوگیا تم اِسے اپنی بائبل کے شروع یا آخر میں خالی صفحے پر لکھ لو یا کسی اور چیز پر کہ اِس اکٹھ میں ایک عبادت ہوگی کہ۔۔۔اور تم اِسے کسی جگہ سے سنو گے کہ تین لاکھ لوگ اِس میں شریک ہوئے۔اب، دیکھو یہ صحیح ہے کہ نہیں۔یہ دوسری کے مقابلے میں تین گنا بڑی ہوگی۔دیکھا؟ تین لاکھ لوگ اکٹھ میں شریک ہوں گے اور میں بہت خوش ہوں کہ وہاں پر موجود ہوں گا۔میں نہیں جانتا کہ کیا کروں، کیونکہ میں اپنے خداوند کیلئے روحوں کو جیتنا چاہتا ہوں۔

اور وہاں، ایک وقت میں، دیکھنا، تین ہزار پکے اجڈ لوگوں کو ایک پکار پر یسوع مسیح کی طرف آتے دیکھنا، تین ہزار خالص اجڈ لوگوں کو۔

29- اب، جلدی سے اپنے مضمون کی طرف آتے ہیں۔کل ہم نے شیاطین کی مہارت کے بارے میں پڑھا۔میں آج یہ سوچ رہا تھا کہ خدا کیسے نپٹتا ہے۔آپ کو نہیں پتہ کہ یہ کتنی بڑی آزادی ہے کہ اِس سے باہر نکلا جائے۔اب، میں ایک استاد نہیں ہوں، میں بائبل کی تشریح کرنے سے کوسوں دور ہوں۔ اور میں ہوں۔۔۔میری تعلیم صرف ساتویں جماعت تک محدود ہے۔چنانچہ۔۔۔اور، کہ، مجھے سکول سے نکلے ہوئے پچیس سال ہوگئے اور یہ کافی لمبا عرصہ ہے۔اور میرے پاس نہیں ہے۔محدود سی تعلیم تھی، سب کچھ جو میں جانتا ہوں وہ اُس الہام (نزول)

کی وجہ سے ہے جو مجھے ملا۔

اور اگر یہ الہام بائبل سے مطابقت نہیں رکھتا تو یہ غلط ہے۔ دیکھا؟ یہ بائبل ہی ہے۔ قطع نظر اِس کے یہ کیا الہام ہے اِسے آنا چاہئے۔۔۔ یہاں خدا کی بنیاد ہے۔ کسی اور بنیاد نے یہ نہیں رکھا۔ اور یہ کیا ہے، اگر میں کچھ کہتا ہوں اور یہ اُس کے متضاد ہو۔ میرے الفاظ جھوٹ شمار ہوں، کیونکہ یہ سچائی ہے۔ دیکھا، دیکھا، اور اگر کوئی فرشتہ آپ کو کچھ بتاتے جو اِس سے مختلف ہو تو پولوس نے کہا، وہ تمھارے نزدیک لعنتی ہوگا، چاہے نور کا فرشتہ اب، یہاں پر بہت سی عظیم چیزیں ہیں۔ میں صرف۔۔صرف۔۔ میں نے دو دن منتخب کیے۔ اِس مضمون کو لوگوں تک لانے کیلئے کل اور آج کی عبادت کا سہ پہر ہے۔

30- اب اس کی کیا وجہ ہے وہ یہ ہے کہ میں یہ چھوٹی سی کوشش کرنا چاہتا ہوں کہ دیکھوں خدا میری مدد کرتا ہے میرے دل میں کوئی چیز ہے۔ اور یہ ہے، اِس عظیم پیغام کے بعد اور جب خدا نے خود اِس کی تائید کی جو میں نے کہا کہ سچائی وہ اُس کے کلام میں ہے۔ پہلے اسکے کلام سے، اور پھر مثالوں اور معجزوں کے ساتھ۔ اب میں سوچتا ہوں۔ کلیسا کی خوشخبری کی سچائی، میں خدا کی تابعداری میں ہوں کہ اِس کو کلیسیا تک پہنچاؤں۔ یہ ٹھیک ہے۔ وہ بہت ساری تنظیموں اور فرقوں کا حصہ ہیں اور یہ غلط ہے۔ ہم سب خدا کے بچے ہیں جب ہم دوبار پیدا ہوئے ہیں۔ وہ۔۔۔ دیکھیں؟ اور اِس چیز کی سچائی یہ ہے کہ خدا ہمیں یہ بتانا چاہتا ہے کہ ہم اُس کے بچے ہیں۔

31- اب، یاد رکھیں، سلیمان کی ہیکل تمام دنیا سے الگ تھلگ تھی۔ اور اب ایک چٹان اِس طرح سے آتی ہے اور ایک دوسری طرف ہے، اور ایک اِس طرح سے کاٹی ہوئی اور دوسری اُس طرح سے کاٹی ہوئی لیکن جب یہ اکٹھی ہوتی ہیں تو نہ آرے کی آواز نہ ہی ہتھوڑے کی آواز آئی

ہے۔ ہر چیز صحیح طرح اپنی جگہ چلی جاتی ہے۔ خدا اِس کا منتظم ہدایت کار ہے۔

اور خدا کی ایک کلیسا ہے جسے جماعتیں کہتے ہیں۔اور ایک خدا کا کلیسیا،اور ایک یہ اور ایک وہ۔لیکن جب یہ سب اکٹھے ہوتے ہیں۔وہ بھائی چارے کی محبت والا ایک بڑا گروہ بن جاتا ہے اور خدا اِس کو اکھٹا کر کے کلیسیا بنائے گا اور اُسے آسمان پر لے جائے گا۔

33- کوئی بھی مشہور تصویر جو کبھی بھی کسی ہال میں لگائی گئی ہے وہ لگانے سے پہلے تنقید نگاروں کے ہال سے گزرتی ہے۔جس اُمی نے اُسے بنایا ہے وہ۔۔۔اوہ، مجھے معاف کیجیے، میں اُس کا نام نہیں لے سکتا جس نے، آخری عشا کی تصویر بنائی، اُسے اپنی جان کھونا پڑی۔اُسی نے وہ تصویر بنائی۔تقریباً بیس سال یا دس سال پہلے ہے۔میرا خیال ہے یسوع اور یہوداہ کی تصویر کے درمیان؟ کیا اُپ نے محسوس کیا کہ اُس مشہور تصویر میں وہی آدمی ہے جس نے پہلے مسیح کے طور پر اپنے آپ کو پیش کیا اور دس سال بعد یہوداہ کے طور پر؟ ٹھیک ہے؟ اُس نے ایسا کیا۔دس سال کے گناہ، ایک بڑے اوپیرا گلوکار جو مسیح کے طور پیش کرنے سے یہوداہ کی جگہ پر آ جائے۔آپ کو دس سال لینے کی ضرورت نہیں ہے۔یہ صرف دس منٹ لے گا اور آپ کو اُس جگہ، پر پہنچا دے گا۔یہ گناہ میں آپ کے کردار کو تبدیل کر دے گا۔لیکن خیر یہ تصویر تمام تنقید کاروں سے ہو کر گزری۔

34- اور ایسا ہی ہے جو میں خدا کی کلیسا کے بارے میں سوچتا ہوں، جماعت جو کہلائی جاتی ہے۔میرا اِس کو کسی طرح بُرا کہنے کا مطلب نہیں ہے۔میں نے سات سمندروں کو پار کیا ہے اور میں اپنے دنیا کے تیسرے دورے پر ہوں اور لوگ کہتے ہیں، جوشیلا مذہبی آدمی۔۔۔جوشیلا مذہبی آدمی اور میں نے دنیا میں تحقیق کی اور کبھی بھی کوئی مذہبی جوشیلا آدمی نہیں پپایا یہ نام ہے جو شیطان نے لوگو ل پر ثبت کر رکھا ہے یہی ہے۔

لیکن اب اِس سب میں، یہ تمام چیزیں خدا نے ایک تصویر بنائی ہے۔اور ایک وقت تھا

کہ یہ سب پرانی چھوٹی کلیسیا ئیں وہاں ہوا کرتی تھیں۔آپ میں سے کچھ۔۔۔۔

35- میں اِن بوڑھے آدمیوں کو دیکھتا ہوں۔میرے بیٹے نے کل جب میں اپنے کمرے میں مطالعہ کر رہا تھا کہا کہ ایک خادم آئے ہیں اور کہا ہے کہ میں آپ کے والد سے مصافحہ کرنا چاہتا ہوں۔ظاہر ہے میرا بیٹا بھائی بیکسڑ اور اِس کے دوسرے لوگوں میں پلا بڑھا ہے۔میں نے فوراً کہا نہیں میں اِس چیز کو پسند نہیں کرتا۔دیکھا؟ کوئی مسئلہ نہیں اگر میں۔۔۔کیونکہ میں خدا اور انسان دونوں کا خادم نہیں ہو سکتا۔لیکن میرا خیال ہے کہ میں اپنے بھائیوں کے ساتھ ہاتھ ملانا پسند کرتا ہوں۔اِس کے بارے میں کچھ ہے۔میں ایک خادم سے ہاتھ ملانا پسند کرتا ہوں۔نہ صرف ایک خادم بلکہ خدا کے کسی بھی بچے سے۔اِسکو کرنا پسند کروں گا۔

میں اِس کے بارے میں نہیں جانتا تھا جب تک کہ میری بیوی نے بعد میں مجھے نہیں بتایا تھا۔اگر اُس نے اُس خادم کو یہی بتایا ہوتا،ایک منٹ ٹھہریئے،وہ دعا میں مصروف ہیں اور۔۔اور میں دیکھوں گا کہ وہ کیا کہے گا۔خیر یہ بہتر ہو سکتا تھا چنانچہ میں اُس کو اِس پر تھوڑا درست کرتا ہوں تاکہ ایسا نہ ہو۔ٹھیک ہے؟

36- اور یہ سچ ہے۔آپ بالکل ٹھیک نہیں ہو سکتے جیسا کہ بھائی نے تھوڑی دیر کہا تھا۔اگر آپ کرتے ہیں تو یہ ایک خوفناک خواب ہے۔۔میں۔۔میں بھگت چکا ہوں۔آپ دیکھیں؟ لوگ باتیں کرتے ہیں اور شاید ہر کوئی بیمار ہو،اور جب وہ اِس کے بارے میں بات کرتے ہیں جلد ہی خداوند کا فرشتہ وہاں آتا ہے تاکہ اُنھیں بتائے۔

یہاں،اِس وقت میرے سامنے بیٹھا ہوں کوئی یہ سوچ رہا ہے جانتا ہے کہ چند منٹ پہلے سچا ہونا یا ایک گھنٹہ پہلے یا تھوڑی دیر پہلے،ایک خاتون جو یہاں بیٹھی ہوئی ہے اُسے نہیں پتہ کہ خداوند کا فرشتہ جو اُس نے اس رات مخاطب ہوا اور اُسے کچھ بتایا جسے وہ نہیں جانتی،لیکن آج یہ واقع

ہوا ہے چنانچہ اب اُسے پتہ ہے کہ وہ اِس سے کیا بول رہا تھا۔

اور میں وہاں کھڑا اُس سے بات کر رہا تھا، خداوند کا فرشتہ سیدھا اُدھر گیا اور اُسے بتایا کہ اُس کی پریشانی کیا تھی اور یہ کس چیز کے بارے میں تھی، اور ۔۔اور وہ کیا سوچ رہی تھی اور اُس کا ایک پیارا اور کیسے خدا بولا اور کہا وہ اُسے تسلی دے گا اور کیا ہونے جا رہا تھا۔اور یہ بالکل ویسے ہی ہے جیسے ہونے جا رہا ہے۔دیکھیں خدا نے اِیسا کہا ہے۔

38- اب، خیر، اُن چند وقتوں کے بارے میں جو ہر۔۔۔اور پھر۔۔۔اور ہر رویا آپ کو اور زیادہ نڈھال کر دیتی ہے۔دیکھیں؟ اور پہلی چیز جو آپ جانتے ہیں جب آپ رات کو چرچ جاتے ہیں، آپ اتنے زیادہ تھکے ہوئے ہیں کہ آپ کو سمجھ نہیں آتی کہ کیا کریں۔اور اب آپ میرے لئے دُعا کریں۔(دیکھیں؟) کیونکہ یہ ایک کے بعد ایک عبادت ہے۔یہ پہلی عبادت ہے جو مختلف ہوگی اگر میں گھر جا رہا ہوں اور کوئی چیز نہ کروں جو دو مہینوں میں نہیں کی، جاؤں اور اپنی مچھلیوں کے پکڑنی والی تار، لوں اور مچھلیاں پکڑنے نکل پڑوں، لیکن مجھے ایک کے بعد دوسری عبادت میں جانا ہے، ایک کے بعد دوسری میں۔آپ نے دیکھا ہے جو اس چیز کو بناتی ہے۔

39- اور آپ سب دعا کریں، آپ لوگ جو حاضرین میں پیچھے بیٹھے ہیں۔انھوں نے پچھلی رات مجھے بتایا کہ میں۔۔۔ایک خاص شخص سے بات کر رہا تھا اور اس شخص نے بلاہٹ کا جواب نہیں دیا۔اب، یہ بہت خطرناک ہے۔آپ نے دیکھا؟ جب انھوں نے یہ کہا، بعض اوقات روشنیاں نہیں جگمگاتی، اُن کے درمیان میں تاریکی ہوتی ہے۔

اور میں خداوند کے فرشتے کو دیکھتا کہ وہ وہاں کھڑا ہے۔میں اِسے محسوس کر سکتا ہوں۔میں بھر اُسے اپنے سے دور جاتے ہوئے محسوس کر سکتا ہوں، اور میں دیکھوں گا۔اور میں ۔۔۔مجھے چھوڑے گا اور وہ کہیں اور جائے گا اور تھوڑی دیر وہاں کھڑا رہے گا اور اِسے دیکھ سکتا ہوں۔

اور یہ چمکے گا اور اور ایک رویا آئے گی۔ پھر میں رویا دیکھوں گا۔ پھر میں دیکھوں گا کہ یہ دیکھنے میں کیسا شخص ہے اور میں اُس آدمی کو پاؤں گا اور پھر میں بولوں گا۔ یہ ہے جو واقع ہوتا ہے۔ یہ ہیں جو ہوتا ہے۔آپ کو یہ ہر کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں۔لیکن وہ۔یہی ہے جو ظہور پذیر ہوتا ہے۔آپ دیکھیں؟ یہ سب روحانی دائرہ اثر میں ہے

41- اگر وہ شخص جواب نہ دے تو یہ ایسے ہوگا جیسے یہاں بائبل پڑھی جا رہی ہو تو کہا جائے، یہاں کچھ نہیں ہوگا۔ یہاں سے چلے جاؤ۔ دیکھا؟ چنانچہ یہ اس کو کافی بڑا بنا دیتا ہے چنانچہ ہوشیار رہیں۔

سُنیں، دیکھیں۔ وہ بولتا ہے، جواب دیں۔ دیکھا؟ اور کسی بھی لمحے جواب دینے کیلئے تیار رہیں۔

اور میری بیوی، اور بھائی بیلر اور بہت سارے اور اِس صُبح مجھے کہہ رہے تھے کہ یہ ایک بلاہٹ تھی ایک بھائی کے بارے میں کہیں کہ اُس کے ساتھ کچھ بُرا ہوا ہے اور چنانچہ وہ اُس بلاہٹ کا جواب نہیں دے رہا تو اُس کی مدد نہیں کی جا سکتی۔ یہ خدا اور انسان کے درمیان ہے اور رویا نے مجھے چھوڑا اور میں پھر اُسے نہیں ڈھونڈ پایا کیونکہ اُس نے جواب نہیں دیا۔ چنانچہ دیکھتے رہیں اور ہوشیار رہیں۔

43- اب اِس مضموں یعنی علم ا لاشیاطین اور بدروحوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے۔ جب آپ کہتے ہیں، بدروح ،تو فوراً لوگ سوچتے ہیں، اوہ کسی قسم کی ضبطی یا کوئی اور چیز، لیکن بدروحیں اُسی طرح حقیقی ہیں جیسے فرشتے۔ اور بالکل اُسی طرح اصلی ہیں۔

اور شیطان اُسی طرح حقیقی شیطان ہے جیسے یسوع مسیح خدا کا بیٹا ہے۔ وہ شیطان ہے۔ جنت اِسی طرح حقیقی ہے۔ اور اگر کوئی چیز یعنی جہنم نہیں ہے تو جنت جیسی چیز بھی نہیں ہے۔ اور اگر کوئی ہمیشہ کی برکت۔ ہمیشہ کی سزا نہیں۔ تو پھر کوئی ابدالآباد برگزیدہ بھی نہیں۔ اگر کوئی دن نہیں تو

رات بھی نہیں۔ دیکھا؟ یہ بالکل ایسے ہے جیسے کسی چیز کے دو پہلو یا رخ، کالا یا سفید، درست اور غلط، زندگی کی ہر چیز میں۔ سچا اور جھوٹا ہر جگہ۔ اور ایک جھوٹی خوشخبری ہے، وہاں ایک سچی خوشخبری بھی ہے۔ ایک خود ساخت ایمان ہے۔ اور ایک حقیقی۔ ایک ٹھیک امریکن ڈالر ہے اور ایک جعلی امریکن ڈالر بھی ہے۔ کیا ایک سچا منافق ہے (دیکھا؟) جو نقالی کر رہا ہے آپ اِسے تلاش کریں، یہ سب اکٹھا ساتھ چلتا ہے۔ اب ہم اِسے جُدا نہیں کر سکتے خدا مینہ برساتا ہے۔

45- وہ مجھے تھوڑا بولنے کا موقع عطا کرے۔ یہاں پر کتنے منادی ہیں؟ اپنے ہاتھ بلند کریں۔ ہر طرف منادی ہیں، آئیں آپ کے ہاتھ دیکھتے ہیں۔ اچھا، خدا آپ بھائیوں کو برکت دے۔ اب، اب اِس کو نظریے کے طور پر نہیں لیتے، لیکن اِس سے پہلے کہ میں اِس اہم مضمون کی طرف آؤ میں آپ کو ایک چیز بتاؤں گا۔۔ یہاں پر کتنے پینٹی کاسٹل لوگ ہیں، ہر طرف کیوں، آپ سب پینٹی کاسٹل ہیں؟ ٹھیک ہے۔ میں آپ کو بتانے جا رہا ہوں کہ جب میں پہلی بار آپ لوگوں کے دائرہ اثر۔۔ درجات میں آیا۔

میں یہاں انڈیانا میں تھا۔۔ ایک خاص جگہ، جس کا نام مشاواکا ہے۔ سب سے پہلے پینٹی کاسٹل لوگ جن کو میں نے دیکھا وہ یسوع مسیح کی پینٹی کاسٹل جماعت کہلاتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ کچھ اِسی طرح کا تھا، وہ بہت شاندار لوگ تھے اب وہ اکٹھے ہیں اور اپنے آپ کو متحد پینٹی کاسٹ کہتے ہیں۔ وہ دوسروں سے پانی کے بپتسمہ کے لئے پر علیحدہ ہو گئے۔ یہ چیز انھیں منافق نہیں بناتی۔ اُن میں بہت ساری حقیقی، بہت حقیقی رُوح القدس سے دوبارہ پیدائش والے لوگ ہیں۔ اور خدا نے انھیں یسوع کے نام میں بپتسمہ پر روح القدس دی اور اُس نے یعنی خدا نے دوسروں کو باپ، بیٹے اور روح القدس میں بپتسمہ لینے پر روح القدس دی۔ چنانچہ خدا اُس کو روح القدس دیتا ہے جو اُس کی فرمابرداری کرتا ہے چنانچہ کون۔۔ کس نے پایا، اُس نے جس نے تابعداری کی۔ آپ سمجھ گئے۔

46- اگر آپ بھول گئے ہیں۔۔۔اور اگر اُن میں سے کوئی یک طرف راستے پر جانا چاہتا ہے تو اُسے جانے دیں اور بھائیوں آپ آگے بڑھیں۔یہ سچ ہے۔یہ نہ کریں۔۔۔جو ہو گیا، اُن میں پھوٹ پڑنا۔۔دور ہو جانا( دیکھا؟ )ٹوٹنا، آنسوؤں سے بھرنا، ٹوٹا ہوا بھائی چارہ، اٹھنا اور اپنے آپ کو الگ کرنا۔نہیں جناب، ہم الگ نہیں ہوئے، ہم ایک ہیں، یہ ٹھیک ہے۔

47- لیکن جب میں وہاں کھڑا تھا تو میں اُن لوگوں کو دیکھ رہا تھا۔اب، میں، جو کہ ایک عام پرانے اور چھوٹے سے جنوبی بپٹسٹ چرچ سے آیا ہوں، کیوں، میں اُن لوگوں کو دیکھوں، میں وہاں گیا اور ان کو تالیاں بجاتے اور باتیں کرتے دیکھا۔اُن میں سے ایک، اُن میں سے ایک میں خوشی سے کہہ سکتا ہوں کہ میں اُن میں سے ایک ہوں۔

میں نے سوچا، میں، واہ، پہلی چیز جو آپ جانتے ہیں، کوئی دور سے آیا اور جس قدر جوش سے وہ ناچ سکتا تھا، ناچا۔میں نے سوچا، یہ چرچ کے کونسے افواد ہیں۔میں نے اِن چیزوں کے بارے میں کبھی نہیں سُنا۔میں انھیں دیکھتے ہوئے حیران ہو رہا تھا۔آخر اِن لوگوں کے ساتھ مسلئہ کیا ہے؟

49- اب، آپ نے میرع زندگی کی داستان کو سُنا ہے کہ میں نے کہاں اُس میٹنگ میں شرکت کی۔لیکن یہ ایک ایسی چیز ہے جو میں نے کبھی عوام میں نہیں بتائی۔چنانچہ وہ۔۔۔اب، اگر آپ چاہیں تو اپنے ریکارڈر سے اُسے نکال سکتے ہیں۔کیوں، آپ ایسا کر سکتے ہیں۔ٹھیک ہے۔اب میں نے دیکھا اور اب میں نے سوچا وہ لوگ خوش تریں لوگ تھے۔جن کو میں نے اپنی زندگی میں دیکھا وہ اپنے مذہب پر شرم سار نہیں تھے۔ہم بپٹسٹ تھوڑے سے شرم سار ہو جاتے ہیں۔آپ یہ جانتے ہیں۔دیکھا؟

اور جب وہ دُعا کیلئے جاتے ہیں، آپ جانتے ہیں، پنکھے کے پیچھے، آپ جانتے ہیں۔اور

لیکن ہم ۔۔۔لیکن وہ لوگ نہیں؟ بھائی اُن لوگوں کے اندر اور چوگرد مذہب تھا۔

50- میں اُس رات کو یاد کرتا ہوں جب میں پلیٹ فارم پر تھا۔ کہا، تمام مناد پلیٹ فارم پر آ جائیں۔ یہ ایک اجتماع تھا۔ انھیں یہ شمال میں کرنا پڑا رنگ کے مسلئے کی وجہ سے جنوب کے جم کرو قانون کی وجہ سے۔ چانچہ وہ ہر جگہ سے آ کر ادھر ملے۔ اور میں وہاں کھڑا ہوا اور کہا۔۔۔اب یہاں پر۔۔۔میں نے تمام منادوں کو اُس دن اور رات سُنا، انھوں نے کہا کہ ایک بوڑھا مُناد، وہ ایک بوڑھا کالے رنگ کا آدمی تھا جو آیا۔ اُس کے سر پر بالوں کی ایک چھوٹی سی لٹ تھی اس نے مناد والا چُغہ پہن رکھا تھا۔ وہ گرم موسم میں ویلوٹ پہنے ہوئے تھا۔ وہ بوڑھا شخص باہر آیا اور اُس نے کہا، میرے پیارے بچوں وہ بولا میں تمھیں بتانا چاہتا ہوں، کواہی دو میں پلیٹ فارم پر موجود سب میں کم عمر تھا۔ پھر اُس نے کہا، میں تمھیں بتاتا ہوں، اُس نے ایوب سے حوالہ لیا، تُو کہاں تھا جب میں نے دنیا کی بنیادیں رکھیں؟ مجھے بتا کہ وہ کیسے جکڑی ہوئی ہیں۔

51- وہاں موجود تمام مناد عام روئین کی طرح مسیح کے بارے میں بتا رہے تھے۔ میں اُن کو سنا اور اُس سے خوش بھی ہوا۔ لیکن وہ بوڑھا بندہ۔ وہ دنیا کے شروع ہونے سے بھی دس ہزار سال پیچھے چلا گیا۔ وہ آسمانوں میں چلا گیا اور وہاں سے دوسری فضاؤں میں، یہ کیا ہو رہا تھا۔ وہ کیا منادی کر رہا تھا، دن کے وقت میں وہ منادی کر رہا تھا جو کہ آسمان میں ہو رہا تھا۔ وہ مسیح کو متوازی قوس قزح پر لے آیا، کہیں ابدیت میں، کیوں، وہ بوڑھا شخص ابھی پانچ منٹ منادی کر پایا اور جیسے کسی نے اُسے پکڑ لیا، وہ ہوا میں اچھلا اور اپنے دونوں ٹخنوں کو بجایا اور جوش سے بولا، ہُرا، اُسے تقریباً اتنی ہی جگہ ملی جتنی مجھے یہاں

پر اُس نے کہا، تمھیں منادی کرنے کیلئے مناسب وقت / جگہ نہیں ملا اور وہ چلا گیا۔

میں نے سوچا، اگر، یہ ایک اسی سال کے بندے کے ساتھ ہو سکتا ہے اور یہ میرے ساتھ

کیا کرے گا؟ میں یہی چاہتا ہوں۔ میں یہی چاہتا ہوں۔

53- لیکن جو چیز مجھے لے کر آئی وہ یہ ہے۔اب ہم شیاطین کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔جس چیز نے مجھے تحریک دی۔ میں نے دو آدمیوں کو یکھا۔ایک،ایک طرف بیٹھا تھا اور دوسرا دوسری طرف۔اور جب روح نازل ہوگی تو آدمی اٹھ کھڑے ہونگے اور زبانوں میں پکاریں گے اور اُن کے منہ سفید پڑ جائیں گے اور میں نے سوچا،اوہ،میرے خدا،اگر یہ میرے پاس ہوتا۔دیکھا کتنا حیران کُن،اوہ، میں اُس سے محبت کرتا ہوتا۔خیر جب میں مکئی کے کھیت میں گیا۔اور میں نے آپ کو اپنی زندگی کی کہانی کے بارے میں بتایا۔آپ اِسے کتاب میں پڑھ سکتے ہیں۔میں ساری رات سویا رہا اور اگلی صبح واپس آیا۔چنانچہ میں نے سوچا کہ میں اِسے آزماؤں۔میرا چیزوں،کاموں کو کرنے کا ایک طریقہ ہے جو کوئی نہیں جانتا سوائے خدا اور میرے علاوہ۔چنانچہ وہ۔۔۔میں ایک تمثیل لیتا ہوں اور انسان کی روح سے ملنے جاتا ہوں،آپ اِس کو یہاں اِس پلیٹ فارم پر دیکھ سکتے ہیں۔دیکھا؟،وہ اکھٹے ہو گئے اور۔۔۔اور وہ ہاتھوں کو تھامتے ہیں،ناچتے اور پکارتے ہیں میں نے سوچا،اوہ میرے خدا،یہ مجھے کتنا حقیقی لگتا ہے۔

اور میں نے ایک کا ہاتھ پکڑا اور کہا،جناب آپ کیسے ہیں۔

اور وہ بالا،آپ کیسے ہیں۔بہت اچھا شخص نفیس مزاج آدمی،اُس نے کہا۔۔۔میں بولا کیا آپ ایک خادم ہیں؟

اُس ن ےکہا،نہیں جناب میں ایک عام ممبر ہوں،

اور میں اُس سے بات چیت کر رہا تھا تا کہ میں اُس کی روح کو پا سکوں۔دیکھا؟ اُسے اِس چیز کا پتہ نہیں تھا۔کسی کو پتہ نہیں تھا۔ میں نے اِس کے بارے میں کبھی کچھ نہیں کہا،سالوں گزرنے کے بعد آج اِس کا ذکر کیا ہے۔تو پھر۔۔۔لیکن جب میں نے اُسے تلاش کیا،تو وہ مجھے

ایک مکمل انسان لگا؟

وہ آدمی واقع خدا کا برگزیدٗہ تھا۔ میں نے سوچا، بھائی، یہ ٹھیک ہے۔

57- لیکن حیران کن حصہ، جب میں نے ایک دوسرے آدمی کے بارے میں کھوج لگائی، وہ اُس سے متضاد تھا۔ حتیٰ کہ وہ ایک ایسی عورت کیساتھ رہ رہا تھا جو اُس کی بیوی نہ تھا۔ یہ درست ہے، اور میں نے یہ ایک رویا میں آشکار دیکھا۔ میں نے سوچا، اوہ میرے خدا ایسا نہیں ہوسکتا، اور آدمی۔۔۔ میں نے سوچا،،، اب،، اب آدمیوں کے درمیان یہ روح غلط ہے اور یہ سب وہاں تھا۔

چنانچہ اُس رات جب۔۔۔ میٹنگ کیلئے گیا اور برکات نازل ہورہی تھیں۔ میں خدا اور روح القدس سے دُعا کر رہا تھا، خداوند کے فرشتے نے گواہی دی کہ وہ روح القدس تھا۔ اور یہی روح جو اِس آدمی پر نازل ہورہی تھی دوسرے آدمی پر بھی نازل ہورہی تھی۔ اور جب روح نازل ہوگی تو دونوں اٹھ جائیں گے۔ اور چیخیں اور چلائیں گے اور خداوند کی تعریف کریں گے اور ناچے گے اور زبانوں میں بولیں گے۔ میں نے کہا،، میں۔۔ میں۔۔ میں اسے حاصل نہیں کرسکتا۔ خداوند میں۔۔۔ وہ۔۔۔ میں اِسے بائبل میں نہیں دیکھ سکتا جہاں یہ درست ہو۔ اب میں نے کہا، شاید مجھے دھوکا ہوا ہے۔ دیکھا؟ میں نے کہا۔۔

اب،، یہاں،، میں۔ میں۔ میں بائبل کے بارے میں بہت بنیاد پسند ہوں۔ ایسا ہونا بھی چاہیے۔ دیکھیں؟ اور میں نے کہا۔،، خداوند تجھے میری حالت کا پتہ ہے، اور میں اور میں اِسے تیرے کلام میں دیکھتا ہوں۔ اور میں۔۔ میں نہیں سمجھ سکتا جب روح القدس اِس آدمی پر اتر رہا ہے۔ روح القدس اُس آدمی پر اتر رہا ہے۔ اور اُن میں سے ایک مقدس ہے اور دوسرا منافق۔ اور میں یہ جانتا ہوں۔ اور میں جانتا ہوں کہ اِس کو بغیر۔۔۔ اور میں اِس آدمی کو باہر لے جاسکتا تھا اور اُسے یہ ثابت کرسکتا تھا۔ یا اُس کو یہاں بلاتا اور اُسے اِس بارے میں بتاتا۔

59- جیسے کہ پچھلی رات جو آدمی یہاں بیٹھا تھا کچھ نہیں تھا سوائے فرضی دکھاوے کے، اگر یہاں کبھی ایسی کوئی بیٹھک ہوتی۔ اور میں اُسے بلاتا لیکن وہ اٹھا اور اُس نے ہنگامہ اٹھا کھڑا کیا اور میں نے اُسے جانے دیا، میٹنگ کی وجہ سے۔ لیکن میں اُسے جانتا تھا۔ جی، جناب، وہاں پر ایک، اُن میں سے دو اُس رات وہاں پیچھے بیٹھے تھے۔ جو اِس شہر کے ایک چرچ سے تعلق رکھتے ہیں اور حقیقی نقاد ہیں۔ میں انھیں دیکھ چکا ہوں۔ لیکن اگر آپ کچھ کریں گے تو آپ مُصیبت کو دعوت دیں گے۔ میں یہ کئی بار کر چکا ہوں۔ میں صرف انھیں اکیلا چھوڑ دیتا ہوں۔ دیکھا؟ یہ سب ٹھیک ہے۔ خدا جانتا ہے۔ وہ مُنصف ہے۔ انھیں کسی وقت مجھے بلانے دیں اور پھر آپ کچھ ہوتا دیکھیں گے (آپ نے دیکھا؟) اُسے جانے دیں۔ شیطان کی طرح، میں نے کبھی شیطان کو باہر نہیں دھکیلا۔ وہ میری طرف آیا اور مجھے للکارا۔ تب ہی خدا نے اپنا کام دکھایا (دیکھا؟ یہ ٹھیک ہے) آپ نے دیکھا کہ کیا وقوع پذیر ہوا۔ سب ٹھیک ہے۔ لیکن میں اِسے جانے دیا۔ میٹنگ کو اچھی طرح استعمال میں لائیں کیونکہ وہ روح تمام وقت ٹھیک طرح مجھ میں حرکت کر رہی تھی۔ دیکھا؟ چانچہ میں نے جاری رکھا۔

60- لیکن اب،، یہ آدمی، میں نہیں سمجھ سکا اور یہ دو یا تین سال بعد تھا جب میں گرین مِل انڈیانا میں تھا، یہاں سکاوئٹ ریزویشن میں۔ میں اُس پرانے غار میں واپس تھا جہاں میں دُعا کیلئے جاتا ہوں۔ اور وہاں پر میں بولا،، خداوند میں نہیں سمجھ سکتا کہ لوگوں کے اِس گروہ کے ساتھ کیا ہوا۔ سب سے نفیس لوگ جنہیں میں اپنی زندگی میں مِلا اور میں۔۔ میں نہیں سمجھ سکا کہ کیسے وہ بُری روح ہوسکتی ہے جب وہ۔۔۔ اگر تب۔۔۔ آپ میرے دل کی ایمانداری کو جانتے ہیں۔ تُو جانتا ہے کہ میں کیسے تجھے پیار کرتا ہوں اور کیسے میں نے تیری خدمت کی ہے۔ اور وہی روح جو یہاں میرے ساتھ ہے وہی اُن لوگوں پر تھی۔ اور یہاں پر اُس آدمی پر بھی اُسی طرح تھی۔ چنانچہ میں سمجھ نہیں سکا۔

61- اور خداوند اپنے رحم میں نیچے آیا اور مجھے دکھایا۔ یہاں، کہیں پر یہ تھا۔ اولاً یہ مخالف کے مطابق ہونا چاہیے اُس نے کہا،، اپنی بائبل کو اٹھاؤ،، اور میں نے اپنی بائبل کو اٹھایا۔ اور میرا خیال ہے کہ میں نے بائبل کو دس منٹ تک بغیر کسی کے اٹھائے رکھا۔ اور کلام آنے کیلئے۔ میں نے چند منٹ انتظار کیا۔ میں نے دوبارہ اُسے کہتے سُنا،، عبرانیوں چھ کی طرف موجہ ہوا اور پڑھنا شروع کرو۔ اور میں ایسا کیا۔ اور جب وہاں پر آیا تو یہ کہا،، کیونکہ جو زمین اُس بارش کا پانی پی لیتی ہے جو اُس پر بار بار ہوتی ہے اور انکے لیے کارآور سبزی پیدا کرتی ہے۔۔۔ اور اگر جھاڑیاں اور اُونٹکٹارے اگاتی ہے تو نامعقول اور قریب ہے کہ لعنتی ہو۔۔ اور میں وہیں اِس کو سمجھ گیا۔

میں نے سوچا۔۔ یہ یہں ہے۔ خدا کا شکر ہو۔ یہی پر ہے۔ دیکھا؟

62- اب، یسوع نے کہا۔ ایک بیج بونے والا بونے نکلا، کیا وہ نہیں؟ اب، آپ سب یہاں پر صحیح ہیں۔

ہر ایک اپنے ہاتھوں کو تھامے ہوئے ہے۔ خیر۔ پینٹی کوسٹل، دوبارہ جنم لینے والے مسیحی۔ ٹھیک ہے، وہ۔۔۔ اور اُس نے کہا، اور ایک بیج بونے والا بیج بونے نکلا اور جب وہ سو گیا ( درمیان میں اُس کی موت، دیکھا ) اور جب وہ سو گیا، ایک دشمن آیا اور گندم کے کھیت میں کڑوے دانے بو گیا۔ کڑوے دانے کیا ہیں؟، جھاڑیاں، جی اور چیزیں۔ اب۔۔۔ اور جب کسان ( مناد ) نے کڑوے دانوں کو اگتے دیکھا تو کہا، اِن کو اکھاڑتا ہوں۔ اُس نے کہا، نہیں، نہیں۔ تم اُن کے ساتھ گیہوں کو بھی اکھاڑ لو گے۔ اب دونوں کو اکٹھا بڑھنے دو۔

63- یہاں پر گیہوں کا کھیت ہے۔ اِس میں خودرو بیل، بچھو، بوٹی اور بد بودار گھاس اور ہر طرح کی دوسری چیز ہے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ لیکن اب۔ اس میں گیہوں بھی ہے۔ اب، بارش اکثر اس زمین پر ہوتی ہے تا کہ اِسے پانی دے۔ اب، بارش کس کیلئے ہے؟ بچھو بوٹی کو پانی دینے کیلئے

نہیں (اب ،دیکھیں اورتوجہ دیں ) خودرو بیل کو پانی دینے کیلئے۔بارش گیہُوں کو پانی دینے کیلئے بھیجی جاتی ہے لیکن گھاس اور بچھو بوٹی بھی گیہُوں جتنی ہی پیاس ہیں۔اور بارش گیہُوں پر پڑتی ہے وہی گھاس پر بھی پڑتی ہے۔اور چھوٹی پرانی گھاس اِس طرح سیدھی کھڑا ہو جائے گی،خوش اور مطیمُن ،جیسے کہ چھوٹی گیہُوں کھڑی ہوگی۔ لیکن تم اُن کے پھلوں سے انھیں پہچان لوگے۔ ہمیشہ۔دیکھا؟

اب،ایک ہی روح القدس منافق کو بھی برکت دے سکتا ہے۔وہ آپ میں سے کچھ آرمینیوں کو بلاتا ہے،مگر یہ نیچ ہے۔یہ حیقیقت ہے۔پھر اسے پاک بازی کہہ سکتے ہیں، جوکہ میں بھی مانتا ہوں کہ پاک بازی ہے۔لیکن وہی روح،ظالم اور راست باز دونوں پر بارش برستی ہے۔،لیکن انکے پھلوں سے تم انھیں پہچاں لوگے۔

65- اگر میں یہاں دیکھوں اور گندم حاصل کرنے کیلئے جاؤں میں گندم حاصل کرلوں گا مگر گھاس اُسکے اردگرد لپیٹی ہوگی اور وہ اسی بارش پر زندہ رہتے ہیں جو گندم کیلئے ہوئی۔اور بارش جھاڑیوں کیلئے نہیں بھیجی گئی یہ گیہُوں کیلئے بھیجی گئی۔اور کھیت میں بارش کے ہوتے ہوئے، گیہُوں، گیہُوں کے کھیت میں جھاڑیاں اورانھوں نے بارش کا اتنا ہی فائدہ اٹھایا جتنا کہ باقی سب نے۔اور وہی بارش جس نے گیہُوں کو زندہ رکھا اُسی نے جھاڑیوں کو بھی زندہ رکھا۔

جیسے کہ ہم سکھا رہے ہیں تمام چیزیں روحانی طور پر اُسی طرح ہوتی ہیں جیسے فطری طور پر۔ اِدھر ہی علم الاشیا طین، بدروحیں مسیحیت کی نقالی کرتی ہیں،لیکن برکت کے ساتھ۔یہ کوئی بالائی اترا ہوا دودھ نہیں ہے بھایئو،اگر آپ ایسا سمجھ رہے ہیں دیکھا،،دیکھا؟ اب یہ۔۔۔۔یہ سچ ہے۔

67- چنانچہ میں آج اِس لئے نہیں بچا کہ میں نے چلایا۔میں بچا ہوں کیونکہ میں ایسا محسوس کرتا ہوں۔میں بچا ہوں کیونکہ اِس بائبل میں خدا کی شرائط پر پورا اُترا ہوں۔یسوع نے کہا،اگرکوئی میرا

کلام سُنتا اور اُس پر ایمان لاتا ہے جس نے مجھے بھیجا تو وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا اور اُس پر کوئی سزا نہ ہوگی بلکہ وہ موت سے زندگی میں آجائے گا۔ میں اِس پر ایمان رکھتا ہوں یہ ٹھیک ہے۔ اور اِن شرائط کی وجہ سے میں بچا ہوں، کیونکہ خدا نے ایسا کہا ہے۔

اگر اُس نے کہا ہوتا کہ میں بچا ہوں کیونکہ کسی نے کہا ہے۔ ایک بہت تیز اور طاقتور ہوا نے میرے چہرے پر ٹکرائی۔ یہ حیران کن ہے مگر میں جاننا چاہتا ہوں کہ یہ طاقتور ہوا کہاں سے آئی، جس نے مجھے چہرے پر زور دیا۔ دیکھا؟ اب اِس کے بعد جب وہ طاقتور ہوا آپ کو ٹکرائے تو آپ کیسی زندگی گذارنا چاہیں گے۔ دیکھا؟ دیکھیں یہ آپ کا پھل ہے جس سے آپ جانے جاتے ہیں۔ چانچہ شیاطین مسیحیوں کے درمیان رہ کر کام کرسکتے ہیں۔ کیا آپ اِس پر ایمان رکھتے ہیں؟ پولوس کی طرف دیکھیں، پولوس نے کہا،

69- اب، یہاں جب آخری دن بارش۔۔۔ اگر آپ میں سے کوئی یہاں ہے تو مجھے معاف کیجئے اگر میں کوئی چیز آپکے خلاف کہنے لگا ہوں۔ میں آپ کے خلاف کچھ نہیں کہنے لگا نہ ہی جماعتوں اور کسی کے خلاف یا پلپٹ یا کوئی اور اِس کی سچائی ہے جو سچ ہے۔ جہاں سے آپ کو ملے، آپ ان آدمیوں اور چیزوں سے نبی بنا رہے ہیں جو کہ نبی نہیں ہیں۔ نبی وہ نہیں جن کے اوپر ہاتھ رکھے جائیں اور انھیں بھیجا جائے۔ نبی پیدائشی ہوتے ہیں۔ دیکھا؟ بائبل میں نبوت کرنی کی نعمت ہے۔ یہاں پر آپ کی غلطی نبوت کے تحفے اور نبی میں ہے۔ تحفہ۔۔۔۔۔

خدا پرانے وقتوں اور زمانوں میں آباواجداد سے انبیاء کی معرفت بولا، اور اِن آخری دنوں میں اپنے بیٹے یسوع مسیح کے وسیلے سے، اور مسیح کے بدن میں عمل پذیر، روحانی پھل ہیں۔ اور ہوسکتا ہے کہ آج رات اِس عورت پر، نبوت، اسکی زندگی کے باقی ایام میں نہ ٹھہرے۔ یہ اُس عورت پر رات ہوسکتی ہے۔ شاید اُس مرد پر اگلے وقت، ہوسکتا اُس پیچھے والے آدمی پر اِس کے بعد یہ اُس کو

نبی نہیں بناتا، کسی کو نبی نہیں بناتا۔ یہ آپ میں نبوت کا تحفہ ہے۔

71- اور اِس سے پہلے وہ آدمی ، یا وہ نبوت چرچ کو دی جا سکتی ہے۔ یہ دو یا تین روحانی منُصفوں سے چیک ہونی چاہیے۔کیا یہ صحیح ہے۔۔اب، پولوس نے کہا،تم سب ایک ایک کر کے نبوت کر سکتے ہو۔اگر کوئی چیز کسی ایک پر ظاہر کی جاتی ہے تو وہ اطمینان رکھے خیر، یہ نبوت کے پودے گروہ کو آج کی تعلیمات کے مطابق بنا دے گا۔نہیں، پینٹی کاسٹل کلیساء ہمیں ایسی چیزیں ملیں ہیں جو ہمیں شک میں ڈال دیتی ہیں۔اور یہی وجہ ہے کہ خدا نہیں آ سکتا جب تک ہم چیزوں کو سیدھا اور بائبل کے مطابق نہیں کرتے۔ٹھیک ہے۔آپ کو راستہ ٹھیک کرنا ہوگا۔آپ بغیر نقشے کے گھر کیسے بنا سکتے ہیں؟ آپ کو شروعات ٹھیک کرنی ہیں۔

72- اب،ایک نبی،آپ نے کسی کو کبھی یسعیاہ یا موسیٰ کے سامنے کھڑے ہوتے نہیں دیکھا۔ لیکن ایک کھڑا ہوا،قورح،ایک دن اور اُس سے جھگڑنا شروع کیا اور خدا نے کہا۔اپنے آپ کو الگ کر لے، میں زمین کو کھولنے جا رہا ہوں۔

ایک نبی پیدائشی ہوتا ہے۔بغیر پشمانی کے بلاہٹ اور تحفے یہ بچپن سے خدا کی ازلیت ہے۔

ہر چیز کامل تھی جیسے کہ اُس نے کہا اور سچ تھا اور اُسے مثبت کیا اور سامنے لایا۔یہ خدا کا کلام ہے جو نبی لے کر آتا ہے۔لیکن نبوت کا تحفہ کلیسیا میں ہے۔

73- اب،آپ نے کہا،خیر انبیاء پرانے عہدنامے میں ہوتے تھے۔اور،نہیں۔ نئے عہدنامے میں انبیاء تھے۔

اگابس نئے عہدنامے کا نبی تھا۔نبوت کی روح کو دیکھیں جو نیچے اترتی ہے اور پولوس کو بتاتی ہے۔اور پھر اگابس یروشلیم سے آیا اور پولوس کو پایا،اور اپنا پٹکا اُس کے گرد باندھا، مُڑا اور

کہا،،خداوندیوں فرماتا ہے۔جس شخص نے یہ پہنا وہ زنجیروں میں جکڑا ہوگا جب وہ یروشیلم جائے گا۔اگابس جو کھڑا ہوا اور بولا تھا،قبل از وقت بتا دیتا تھا کہ کیا واقع ہوگا۔وہ ایک نبی تھا نہ کہ نبوت کے تحفے والا آدمی۔

میرے پینٹی کاسٹل بھائی، شفا کی نعمت اور دوسری تمام نعمتیں،آپ نے غلط ملط کر دیں ہیں۔نعمتیں کلیسیا میں ہیں اور کسی شخص کے مطابق جو کلیسیا میں ہے کوئی بھی جس نے جسم کے ذریعے بپتسمہ لیا۔ایک روح کے ذریعے ہم سب نے بپتسمہ پایا۔۔۔اور بائبل نے کہا۔۔۔

خیر مجھے شفا کی نعمت ملی۔

بائبل نے کہا،،ایک دوسرے سے اپنی خطاؤں کا اقرار کرو اور ایک دوسرے کیلئے دُعا کرو۔ہر شخص ایک دوسرے کیلئے دُعا کرے۔ہم ایک منقسم گروہ نہیں ہیں۔ہم ایک متحد،اکھٹا گروہ ہیں۔دیکھا؟

اب اور یہاں بدروحیں کیسے کام کرتی ہیں۔

77- اب،دیکھیں پولوس نے کیا کہا۔،،اگر ایک زبانوں میں بولتا ہے اور دوسرا اسکا ترجمہ کرتا اور وہ جو بھی کہتا ہے،پہلے اِس کو جانچنے دو،کیونکہ کلیسیا یہ حاصل کرسکتی ہے۔

اب یہ محائف کا اقتباس یا کوئی اور چیز اِس طرح کی نہیں ہوسکتی۔خدا اپنے آپ کو دہراتا نہیں،لیکن یہ کلیساءکو ایک تنبیہ ہوگی۔پھر اگر اچھے مُنصف یہ کہتے ہیں،آؤ اُسے حاصل کریں۔ٹھیک ہے۔وہ خداوند کی طرف سے ہے۔دوسرا کہتا ہے۔آؤ اُسے حاصل کریں۔دو یا تین آدمیوں کی گواہی،ہر لفظ قائم ہو جائے۔پھر کلیساءاُسے حاصل کرا اور اس کے استعمال کیلئے تیار ہو جائے۔اگر یہ نہیں ہوتا،جو کہا گیا ہے۔تب آپ میں ایک بُری روح ہے۔یہ ٹھیک ہے۔اور اگر یہ ہوتا ہے تو خدا کا شکر ادا کریں۔خدا کی روح آپ کہ درمیان ہے۔دیکھا؟ یہاں پر آپ کو دیکھنا چاہیے اور محتاط

رہیں۔

چنانچہ دبانے کی کوشش نہ کریں۔میں اپنی آنکھیں بھورے،،کلیجی رنگ کی نہیں کرسکتا جب کہ وہ نیلے رنگ کی ہیں دیکھا؟ مجھے اپنی نیلی آنکھوں کے ساتھ مطُمئن ہونا چاہیے۔اب ایسے ہی شیاطین روحانی لوگوں کے دائرہ اثر میں کام کرتے ہیں۔

79- اب، یہاں ہمیں کوئی گہری چیز آرہی ہے اور میں امید کرتا ہوں کہ یہ بہت زیادہ گہرائی والی نہ ہو۔اب میں پہلے سموئیل 28باب میں سے اِس وقت کچھ پڑھنا چاہتا ہوں۔میں چاہتا ہوں کہ آپ دھیان سے سُنیں اور میں شیاطین کو بلانا چاہتا ہوں تاکہ آپ کو دِکھا سکوں کہ وہ کلیساء میں کیسے کام کرتے ہیں اور کیسے شیطان نے ہر اصلی چیز کے مقابلے میں جھلی چیز رکھی ہوئی ہیں اب ،آپ بائبل کے مطابق دیکھ سکتے ہیں کہ شیاطین کیسے مسیحیوں میں آتے ہیں اور اُن کی نقالی کرتے ہیں۔

اور اکثر ہم نے لوگوں کے بارے میں اعلان کیا کہ وہ مسیحی ہیں جب انھوں نے کہا، میں یسوح مسیح پر ایمان رکھتا ہوں۔کیوں، بدروُحیں بھی اِس چیز پر ایمان رکھتی ہیں اور کانپتی ہیں۔یہ کوئی نشان نہیں کہ آپ بچ گئے ہیں۔

اِن راتوں میں سے ایک میں،، میں انتخاب پر آنا چاہتا ہوں اور پھر آپ دیکھیں گے کہ نجات کا کیا مطلب ہے۔دیکھا؟ یہ کچھ نہیں ہے جس سے آپ پہلی جگہ یا آخری جگہ کا کرنا ہے، یا آپ اِس کے بارے میں کچھ نہیں کرسکتے۔خدا انسان کو بغیر کسی شرط کے بچاتا ہے۔کیا یہ زیادہ گہرا ہے،کیا ایسا نہیں؟ جب کہ ہم یہاں پر ہیں ہوسکتا ہے کہ میں آپکے نظام میں سے اِسے نکال سکوں،ٹھیک ہے۔

81- ابرہام ہمارے ایمان کا آغاز تھا۔کیا یہ درست ہے؟ ٹھیک ہے،ابرہام سے ایک وعدہ تھا

اور خدا نے ابرہام کو بُلایا کیونکہ وہ ایک عظیم شخص تھا، میرا خیال ہے؟ وہ بابل سے باہر آیا، کلُدیئوں کی زمین میں، اُور شہر میں اور خدا نے اُسے بلایا اور بغیر کسی شرط کے اس کے ساتھ عہد باندھا۔ میں تمھیں بچاؤں گا، اور صرف تمھیں نہیں ابرہام بلکہ تمھاری نسل کو بھی بغیر شرط کے۔

خدا نے انسان کے ساتھ عہد کیا اور ہر بار انسان اپنا عہد توڑتا ہے۔ انسان نے کبھی بھی خدا کے ساتھ اپنے عہد کو برقرار نہیں رکھا۔ کبھی بھی شریعت کی پابندی نہیں کئ۔ وہ شریعت کو نہیں سنبھال سکے۔ مسیح آیا اور خود شریعت کو توڑا، کیونکہ فضل نے پہلے ہی ایک نجات دہندہ کا بندوبست کر دیا، موسیٰ نے بچنے کا ایک راستہ دیا، اور پھر۔۔۔ بچنا،،، بلکہ؟ اور پھر لوگ،، اُس کے بعد، وہ پھر بھی کچھ چاہتے تھے کہ کیا جائے۔ انسان ہمیشہ سے اپنے آپ کو بچانے کیلئے کچھ کرنے کی کوشش کرتا ہے، جب آپ یہ نہیں کر سکتے۔ یہ اُس کی فطرت ہے۔ جوں ہی اُس نے عدن کے باغ میں اپنے آپ کو ننگا پایا تو اُس نے انجیر کے پتے سے لُنگی بنائی۔ لیکن اُسے پتہ چل گیا کہ وہ کام نہیں کریں گے۔ انسان کچھ بھی ایسا نہیں کر سکتا کہ آپ کو بچائے خدا بغیر کسی شرط کے آپ کو بچاتا ہے۔ تمام زمانوں سے لیکر۔ اور جب آپ بچ گئے، تو بچ گئے۔

83- ابرہام کو دیکھیں۔ یہاں یہ شخص ہے جو گیا اور خدا نے اُسے فلسطین کی زمین دی اور اُسے بتایا کہ وہاں سے نہ جائے۔ جس یہودی نے فلسطین کو چھوڑا، وہ برائیوں میں پھنس گیا۔ خدا نے اُسے کہا کہ وہ وہاں ٹھہرا رہے۔ اگر خدا آپ کو کہتا ہے کہ کچھ اور کریں اور آپ نہیں کرتے تو آپ برائیوں میں پھنس جاتے ہیں۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ ایک قحط آیا تا کہ ابرہام کے ایمان کو آزمائے۔ اور ابرہام نے وہاں ٹھہرنے کی بجائے، نہیں، وہ وہاں نہیں ٹھہر سکا وہ بھاگ گیا، سارہ کو لیا اور وہاں سے تین سو میل دور دوسری جگہ چلا گیا (کاش میرے پاس وقت ہوتا کہ اُس کو پاتا)

اور جب وہ وہاں گیا تو اپنے عظیم بادشاہ ابی ملک سے ملا۔ وہ ایک نوجوان شخص تھا اور ایک

محبوبہ کی تلاش میں تھا اور اُس نے ابرہام کی بیوی سارہ کو پایا اور اُس کی محبت میں مبتلا ہو گیا۔ اور ابرہام نے اُسے کہا، اب تم اُسے بتاؤ کہ تم میری بہن ہو اور میں تمھارا بھائی ہوں۔

اِس چیز نے ابی ملک کو خوش کیا، چنانچہ وہ بولا ٹھیک ہے ہم اُسے اپنے قلعے میں لائیں گے۔ اور میرا خیال ہے کہ عورتوں نے اُس سے بات پکی کر دی اور وہ اُس سے اگلے دن شادی کرنے جا رہا تھا۔

86- اور ابی ملک ایک اچھا اور راست باز آدمی تھا اور اُس رات جب وہ سو رہا تھا تو خداوند اُس کے پاس آیا اور کہا تم اتنے ہی اچھے ہو جتنا کہ ایک مردہ آدمی، اُس نے کہا۔ آدمی کی ۔ ۔ ۔ جس عورت سے تم شادی کرنا چاہ رہے ہو وہ کسی اور مرد کی بیوی ہے۔ اب دیکھیں کسی اور مرد کی بیوی۔

اس نے کہا، کیوں، اے خداوند تُو میرے دل کی ایمانداری کو جانتا ہے کہ میں راست باز آدمی ہوں۔ تو میرے دل کی صداقت کو جانتا ہے۔ اُس شخص نے مجھے بتایا تھا کہ وہ اُس کی بہن ہے۔ اور کیا اُس نے خود بھی نہیں کہا تھا کہ وہ میرا بھائی ہے۔

وہ بولا خدا نے کہا، میں تیرے دل کی راست بازی کو جانتا ہوں اور یہی وجہ ہے کہ میں نے تمھیں اپنے خلاف گناہ کرنے سے روکا۔ میں ۔ ۔ لیکن وہ میرا نبی ہے، خدا کی تعریف ہو۔ وہ کون تھا؟ برائیوں میں پھنسنے والا اور تھوڑا سا، غیر اخلاقی طریقے استمال کرنیوالا۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ اوہ، نہیں، اِس میں کوئی سفید جھوٹ نہیں ہوگا؟ یا تو وہ کالے جھوٹ ہیں یا بالکل جھوٹ نہیں ہیں۔ یہاں ایسا آدمی ہے جو سیاہ جھوٹ بول رہا، کہ وہ اُس کی بہن ہے جبکہ وہ اُس کی بیوی تھی۔ بات کو گھمانا پھرانا اور برائی میں پھنس جانا۔

اور یہاں خدا کے سامنے ایک راست باز آدمی ہے جو کہہ رہا ہے، خداوند تُو میرے دل کو جانتا ہے۔

لیکن اپی ملک میں تیری دعانہیں سنوں گا۔اسے لے،اُس کو واپس کراور وہ تیرے لیئے دُعا کرے گا۔وہ میرا نبی ہے۔میں اُس کی سُنوں گا۔ٹھیک ہے کہ وہ جھوٹا اور برائیوں میں پھنس گیا ہے۔لیکن وہ میرا نبی ہے۔یہ سچ ہے۔یہی بائبل ہے۔

92- اب،اِس میں کالونیت کی طرف سے بہت اُگے نہ چلے جائیں،ایک دفعہ فضل میں،تو ہمشیہ فضل میں۔کیونکہ آپ بےتو خیر ہوجائیں گے۔دیکھا؟اب،ایک لمحے کیلئے،ہم اِس ہفتے میں تھوڑی دیر کیلئے اس کو لائیں گے اور آپ کو دکھائیں گے کہ یہ کتنا ہموار ہے۔لیکن آپ مت سوچیں کہ آپ نے کچھ غلط کر دیا ہے تو آپ ہمیشہ کیلئے چلے گئے۔آپ خدا کے بچے ہیں،آپ خدا کی روح سے پیدا ہوئے ہیں،آپ خدا کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں اور پھل اپنا حساب خود رکھتے ہیں۔آپ یہاں پہنچ گئے۔

93- اب،ہم یہاں اِس جگہ پر بیٹھے ہوئے ہیں میں یہاں چھٹی آیت پڑھنا چاہتا ہوں۔

اور جب ساؤل نے خداوند سے سوال کیا تو خداوند نے اُسے نہ تو خوابوں اور نہ اُوریم اور نہ نبیوں کے وسیلہ سے کوئی جواب دیا۔تب ساؤل نے اپنے ملازموں سے کہا کوئی ایسی عورت میرے لیے تلاش کرو جسکا آشنا جن ہوتا کہ میں اُس کے پاس جا کر اُس سے پُوچھوں۔

(اب۔۔۔میں عصا کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں اگر یہ صرف۔۔۔) میرے لیئے ایسی عورت تلاش کرو جو کسی جن سے آشنا ہو،،

اُسے ملازموں نے اُس سے کہا دیکھ عین دور میں ایک عورت ہے جسکا آشنا جن ہے۔

سو ساؤل نے اپنا بھیس بدل کر دُوسری پوشاک پہنی اور دو آدمیوں کو ساتھ لیکر چلا اور رات کو اُس عورت کے پاس آئے ! اور اُس سے کہا ذرا میری خاطر جن کے ذریعہ سے میرا خال کھول اور جسکا نام میں تجھے بتاؤں اُسے اوپر بلُوا دے۔

تب اُس عورت نے اُس سے کہا دیکھ تُو جانتا ہے کہ ساؤل نے کیا کہا اُس نے جنات کے آشناؤ اور افسُون گروں کو ملک سے کاٹ ڈالا ہے۔پس تُو کیوں میری جان کیلئے پھندا لگا تا ہے تا کہ مجھے مروا ڈالے۔

تب ساؤل نے خداوند کی قسم کھا کر کہا کہ خداوند کی حیات کی قسم اِس بات کیلئے تجھے کوئی سزا نہیں دی جا ئیگی۔

تب اُس عورت نے کہا میں کس کو تیرے لیئے اُوپر بلا دوں؟ اُس نے کہا سموئیل کو میرے لیے بُلا دے۔

جب اُس عورت نے سموئیل کو دیکھا تو بلند آواز سے چلائی اور اُس عورت نے ساؤل سے کہا تُو نے مجھ سے کیوں دغا کی کیونکہ تُو تو ساؤل ہے؟

تب بادشاہ نے اُس سے کہا ہراسان مت ہو، تجھے کیا دکھائی دیتا ہے؟ اُس نے ساؤل سے کہا مجھے ایک دیوتا زمین سے اوپر آتے دکھائی دیتا ہے۔

اور ہم۔۔۔( وہ نبی کا جبہ تھا یقیقاً، دیکھا) جان گیا کہ وہ سموئیل ہے اور وہ کھڑا تھا۔۔اُور اُس نے منہ کے بل گِر کر زمین پر سجدہ کیا۔

سموئیل نے ساؤل سے کہا تُو نے کیوں مجھے بے چین کیا کہ مجھے اُوپر بُلوایا؟ ساؤل نے جواب دیا میں سخت پریشان ہُوں کیونکہ فلستی مجھ سے لڑتے ہیں اور خُدا مجھ سے الگ ہو گیا ہے اور نہ تو نبیوں اور نہ خوابوں کے وسیلہ سے مُجھے جواب دیتا ہے اِس لیئے میں نے تُجھے بُلایا تا کہ تُو مجھے بتائے کہ میں کیا کُروں۔

سموئیل نے کہا پس تُو مجھ سے کِس لئے پُوچھتا ہے جسِ حال کہ خداوند تُجھ سے الگ ہو گیا اور تیرا دُشمن بنا ہے؟

اور خداوند نے جیسا میری معرفت کہا تھا ویسا ہی کیا ہے۔خداوند نے تیرے ہاتھ سے سلطنت چاک کرلی اور تیرے پڑوسی داؤد کو عنایت کی ہے۔

94- اب، آپ میں سے بہت سارے اِس سے واقف ہیں۔اب، ہم سیدھے اِس طرف جائیں گے اور خدا ہماری مدد کرے۔چند لمحوں کیلئے اِس میں جاتے ہیں۔ایک آدمی تھا، ساؤل، جو ایک وقت نبی سمجھا جاتا تھا کیونکہ اُس نے نبیوں کیساتھ نبوت کی تھی۔اساتذہ، کیا یہ ٹھیک ہے؟ اب ، یہاں یہ شخص برائیوں میں پھنس چکا ہے۔کیا یہ دُرست ہے؟ لیکن یاد رکھیں سموئیل نے کیا کہا کہ وہ کہاں ہوگا، اُس کے ساتھ، اگلے ہی دن: وقت سے پہلے چلا گیا۔دیکھا؟ اگر آج خدا کی نہیں سُنیں گے تو وہ آپ کو زمین میں اتار دے گا۔

95- کرنتھیوں کے خط میں دیکھیں، کیسے پوس نے لوگوں کو ترتیب سے بھیجا۔ اُس نے کہا،، پہلے،، میں تمھارے لیئے خدا کر شکر ادا کرتا ہوں، کہ تم میں کوئی ایسی بات نہیں ہے اور چنانچہ اور کیسے وہ۔کہ تم میں روحانی نعمت کی کمی نہیں ہے۔انھیں بتانا کہ وہ صبح میں اپنے مقام کے لحاظ سے کیا تھے۔پھر وہ اُن کے اوپر ہتھوڑا آنے دیتا ہے۔وہ اُن کی مفادعوتوں کے بارے میں انھیں بتاتا ہے کہ وہ کیسے کررہی تھیں اور خداوند کی میز پر کیسے کھارہی تھیں۔حتیٰ کہ ایک آدمی اپنی سوتیلی ماں کے ساتھ رہ رہا تھا۔اور اُس نے مسیح میں اِس آدمی کے بارے میں کہا۔اُسے شیطان کے حوالے کرو، جسم کی تباہی کیلئے ،تاکہ اُس کی روح بچ سکے، دیکھا؟ یہ ہی ہے اُسے گرا دو۔بائبل نے کہا،، اِسی وجہ سے بہتیرے تم میں بیمار اور کمزور ہیں اور گناہ کی وجہ سے مردسو گئے ہیں (قبل از وقت چلے گئے ہیں) خدانے آپ کو راستے سے نکالا، یہ ایک اچھا نشان کہ آپ مسیحی ہیں اور اٹھائے گئے ہیں۔

96- چنانچہ، اب غور کریں۔یہاں پر ساؤل نبی یا نبیوں میں سے گنا جاتا ہے کیونکہ اُس نے

نبوت کی تھی۔اوراب وہ مخرف ہوگیاہے کیونکہ اُس نے خدا کی نافرمانی کی تھی۔اوراُسکی مملکت اُس سے لے لی گئی اورداؤد کے حوالے کردی گئی۔جسے خدانے سموئیل کے ہاتھوں،لعنت کے تیل سے مسح کیا۔

غورکریں،اُس وقت تین طریقے تھے جن سے خدا کی طرف سے چیزوں کا پتہ کیا جاتا تھا۔پہلاتھا۔نبی دوسراخواب اورتیسراتھااُوریم تھیسم۔اورکسی نے جواب نہ دیا۔اب اُپ کو پتہ ہے کہ ایک نبی کیا تھااورآپ کو پتہ ہے کہ ایک روحانی خواب کیا ہےاورآپ جانتے ہیں کہ اُوریم تھیسم کیا تھا۔آپ کو پتہ ہے کہ ایک دن میں نے ایک آدمی سے پوچھا۔۔کہ اُوریم کیا ہے،اوروہ مجھے نہیں بتاسکا یہ کیا تھا۔اُوریم تھیسم ظاہرہے کہ خداکے جواب دینے کا طریقہ تھالیکن وہ۔۔۔۔

دیکھااورابلیس اُن میں سے ہرایک کی نقالی بنانے کی کوشش کرتا ہے۔جادوگرجھوٹا نبی اور شیشے کے گولے میں دیکھ کرمستقبل دیکھنے والا: دیکھا؟اب اُوریم تھیسم ہارون کے سینے پر لٹکے ہوتے تھے۔اوراُوریم تھیسم اُس پتھر کے اوپر ہوتے تھے۔اوہ وہ ہیکل میں لٹکے ہوئے تھے۔اور جب انھیں کسی چیز میں یقین نہیں ہوتا تھاتو وہ اسکا جواب لینے کیلئے خداکے پاس جاتے توایک روشنی اُوریم تھیسم پرچمکتی تھی۔کہ یہ خدا کی مرضی ہے یانہیں۔اب۔جب اُوریم تھیسم جواب نہیں دیتے اب،یہ خدا کی طرف سے براہ راست،،سیدھا جواب ہوتا تھا۔اب،آج کےاُوریم تھیسم،قسمت کا حال بتانے والے نے اُسی طریقے پرایک بلورکی گیند لی،ایک غلط چیز،خدا تثیلث میں ہے۔خدا کی طاقتیں تیثلث میں ہیں۔اورابلیس تثیلث میں ہےاوراُس کی طاقت تثیلث میں ہے۔میں اِسے بائبل سے ثابت کرسکتا ہوں۔اوروہ اُوریم تھیسم بلورکی گیند ہے جسے ابلیس آج استعمال کرتا ہےاورآج یہاں جھوٹے نبی کو،جادوگر،جو،اب یہاں ہے یاقسمت کا حال بتانے والا جوابلیس کی طرف سے نبی کی جگہ لے چکاہے۔دیکھامیں کیا کہنا چاہتا ہوں۔

99- اب، آج کا اُوریم تھیسم یہ بائبل ہے اگر آج کوئی نبوت کرتا یا خواب دیکھتا ہے اور یہ خدا کی بائبل کے موافق نہیں تو یہ جھوٹ ہے، اِس کیا یقین نہ کریں۔

زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ بھارت سے ایک آدمی میرے پاس آیا، جہاں میں اب جانے کیلئے تیاری کر رہا ہوں، ایک اچھا مناد، اُس نے کہا، میں یہاں آیا ہوں اُس نے کہا، ایک عورت میں روح القدس ہے،، وہ بولا،، اُس نے چار دفعہ شادی کی ہے اور اپنے چوتھے شوہر کے ساتھ رہ رہی ہے۔ اور میں نے کہا،، خداوند یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ اور کہا میں اُس کے پاس گیا اور بولا۔ اوہ، خدا کا جلال ہو، کہا، خدا کی حمد ہو، خداوند کی تعریف ہو۔ اُن کی طرح کا ایک آپ جانتے ہیں بولا، خدا کی حمد ہوں۔ خداوند کی تعریف ہو۔ کہا، خداوند نے مجھے بتایا۔ میں تمھیں ایک خواب دے رہا ہوں۔ اور کہا،، میں نے دیکھا کہ میری بیوی، وہ زنا کاری کی حالت میں رہ رہی ہے۔ اور وہ میرے پاس آئی اور بولی، اوہ، کیا تم مجھے معاف کرو گے، وکٹر؟ کیا تم مجھے معاف کرو گے؟ میں نے نہیں کیا۔۔۔ میں نے کیوں کہا،، میں تمھیں معاف کروں گا اور تمھیں واپس لے لوں گا، اُس نے کہا،، اب یہی ہے جو میں نے کیا، کہا، دیکھا میں نے معاف کیا۔

میں نے کہا، وکٹر تمھارا خواب اچھا اور بڑا تھا لیکن شیطان نے اُسے تمھیں دیا۔

اُس نے کہا!،، کیوں؟

میں نے کہا،، یہ خدا کے کلام سے مطابقت نہیں رکھتا وہ زنا میں رہ رہی ہے۔ ٹھیک ہے۔ وہ چار آدمیوں کے ساتھ نہیں رہ سکتی۔

یہ ٹھیک ہے۔ وہ اُسے چھوڑتی ہے اور پہلے والے کے پاس چلی جاتی ہے۔ وہ شروع کے مقابلے زیادہ بہتر ہے۔ اُسے ساری زندگی اکیلا رہنا پڑے گا۔ میں نے کہا۔ تم اِسے جانتے ہو۔ یہ خدا کے کلام سے موافقت نہیں رکھتا۔ تمھارا خواب جھوٹا تھا۔ اور میں نے کہا، یہ اِس سے میل نہیں کھاتا۔

103- اور جب ایک نبی نبوت کرتا تھا اور وہ دیکھنا چاہتے تھے کہ یہ سچ ہے تو وہ اُسے اُوریم تمیم کے سامنے رکھتے تھے۔اور اگر خدا کی آواز اُوریم تمیم پر روشنی ڈالتی تھی تو یہ بالکل درست سمجھی جاتی تھی۔اور اگر کوئی آدمی کوئی تشریح کرتا ہے۔خواب دیکھتا ہے، بائبل میں سے کچھ دیتا ہے یا کوئی اور چیز اور یہ خُدا کی بائبل سے مطابقت نہیں رکھتا،تو یہ جھوٹ ہے۔اب آج کے اُوریم تھُیسم کو لیں۔خُدا کا کلام بولتا ہے اور یہ براہ راست خدا کی آواز ہے، جیسے کہ بائبل کے لکھے جانے سے پہلے اُوریم تھُیسم تھا۔آمین۔خدا کی تمجید ہو۔

میں ابھی اپنے آپ کو مذہبی سا محسوس کر رہا ہو۔اور مجھے جنونی مت سمجھے گا اگر آپ سمجھ رہے ہیں۔مجھے پتہ ہے! مجھے پتہ ہے کہ میں کہاں ہوں۔میں پرُ جوش نہیں ہوں۔یہ ٹھیک ہے۔

104- خُدا کا کلام، یہ سچائی ہے۔مجھے اِس کی کوئی پرواہ نہیں کہ آپ کا خواب کیسا تھا یا آپ کیسی نبوت کریں گے، اگر یہ خدا کا کلام نہیں ہے،تو یہ غلط ہے۔اگر یہ کلام سے نہیں ملتا۔یہی آج کا مسئلہ ہے۔ایک کے پاس خواب ہے۔ایک کے پاس رویا، ایک کے پاس غیر زبان، ایک کے پاس مکاشفہ؟ اِس سب نے مِل کر بے ترتیبی بنا رکھی ہے اور مختلف مسالک بن گئے اور ہر چیز ٹوٹ پھوٹ چکی ہے۔آپ کو اِسے ایک آخری بنیاد کی طرف واپس لانا ہے اور وہ خدا کا کلام ہے۔یہ ٹھیک ہے۔

ایک کہتا ہے،کلیسیائیں تعمیر رہونگی اوہ یسوع سفید گھوڑے پر آرہا ہے۔میں جانتا ہوں میں نے اُسے ایک رویا میں دیکھا ہے۔اِس سے ایک کلیسیا بنا لیں گے، اور خدا کی تعریف ہو وہ بادل پر آرہا ہے۔وہ ایک اور چیز بنا لیں گے۔اِنھیں توڑیں اور الگ کریں اور اِن کو گدھا کہیں یا رہائیش رکھنے والے طفلیے یا اِس طرح کی کوئی اور چیز، کیوں، بھائی، یہ پہلی ہی دفعہ میں کیوں دکھاوے کیلئے جاتی ہے۔آپ کا دل خدا کے ساتھ نہیں جب آپ ایسا کرتے ہیں،ٹھیک ہے۔ہم

بھائی ہیں۔ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ جڑے رہنا چاہیے،ہمیں ایک دوسرے کی ضرورت ہے۔

106- اب،دیکھیں،ساؤل برائی میں پھنس گیا ہے اور وہ اوپر جاتا ہے۔وہ۔۔۔خدا نے اپنا چہرہ اُس سے ہٹا لیا ہے،اور وہ گیا اور نبیوں سے دریافت کیا۔نبی گئے اور نبوت کرنے کی کوشش کی اور خدا نے رابطہ منقطع کر دیا،کوئی رویا نہیں دی۔نبی باہر آیا اور کہا میں اب نہیں کر سکتا۔اُس نے مجھے تمھارے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔

خیر پھر وہ بولا،خداوند مجھے کوئی خواب دے رات پر رات گزر گئی،کوئی خواب نہ آیا۔

پھر وہ اُوریم تمیم کی طرف گیا اور کہا۔اے خدا میں نے نبیوں کو آزمایا،میں نے خوابوں کی کوشش کی،اب تُو میری مدد کر کیا تُو کریگا۔رابطہ ختم کوئی روشنی نہیں چمکی۔

پھر اُس نے جادوگرنی سے رجو کیا،کمتر اور رُسوا۔اور اُس کے پاس گیا رنگیا اور اپنے بھیس کو چھُپایا۔اور یہ ساحرہ جاتی ہے اور سموئیل کی روح کو لاتی ہے۔

اب،میں جانتا ہوں کہ آپ کیا سوچ رہے ہیں۔

بہت سے نے کہا۔وہ سموئیل نہیں تھا۔لیکن بائبل کہتی ہے۔کہ وہ سموئیل تھا اور سموئیل ہی تھا۔عجیب دیکھا میں نے کیسا پکڑا،کیا ایسا نہیں؟لیکن وہ سموئیل تھا۔بائبل نے کہا وہ سموئیل تھا۔

وہ اُفسون گر عورت اُس کو بلا سکتی تھی اور اُس نے سموئیل کو بلایا۔سموئیل کہیں اور تھا لیکن اِس چیز سے آگاہ تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔اور وہ اپنے نبی کے عصا کے ساتھ کھڑا تھا۔چنانچہ بھائی جب آپ مرتے ہیں۔تو آپ مر وہ نہیں؟آپ کہیں اور،کہیں اور رہ رہے ہوتے ہیں۔

112- مجھے ایک منٹ کیلئے رکنے دیں تاکہ میں اِس علم الاشیاطین کو تھوڑا سا اور بیان کر سکوں۔وہ افسوس گر تھی،لیکن اُس کا روحوں کی دنیا سے قریبی رابطہ تھا۔اب،آج بہت سارے روحوں کے قائل،،روح پرست روحوں کی دینا کے بارے میں بہت زیادہ جانتے ہیں یہ نسبت اُن لوگوں کے

جو اپنے آپ کو مسیحی کہتے ہیں، پھر بھی وہ افسون گر تھی، بائبل کے زمانوں میں یہ ایسے ہی تھا۔

اِب یسوع اِس زمین پر تھا۔ اُس وقت سے پروفیسرز، اسکالرز اور اساتذہ تھے، کچھ بہت بہترین مدرسوں کے پڑھے ہوئے شاید ہم اُن جیسے آج نہ بنا سکیں۔ پاک اور مشہور لوگ اُن کو ایسا ہونا پڑھتا تھا۔ اگر ایک لاوی پایا جاتا تھا تو۔۔۔ اُسے ہر طرح سے راست باز اور الزام سے پاک ہونا ہوتا تھا۔ لیکن پھر بھی اُس آدمی کو خدا کا اِس سے زیادہ پتہ نہیں ہوتا تھا جتنا کہ بڑے پاؤں والے خرگوش کو پتہ ہوتا ہے۔ جب یسوع آیا تو اُس نے اُسے پہچاننے سے انکار کیا، اور اُس نے یسوع کو ابلیس کہا۔ اُس نے کہا،، وہ بعلزبول ہے، بدروحوں کا سردار۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟

-114 اور یہاں پر بدروحوں کی سب سے نچلی قسم ہے جس نے ایک آدمی کو عرصے سے قبروں پر باندھا ہوا تھا اور ہر چیز جو وہ کہتا تھا وہ بدروح کہتی تھی۔ اُس نے کہا ہمیں پتہ ہے کہ تم کون ہو۔ تم خدا کے بیٹے ہو، قدوس ہو، کیا یہ ٹھیک ہے؟ جادوگرنیاں، اُفسون گر اور بدروحوں نے اُسے پہچانا کہ وہ خدا کا بیٹا ہے۔ جبکہ پڑھے لکھے، دینی اداروں کے منادوں نے اُسے بعلزبول کے طور پر جانا۔ کون درست تھے، ابلیس یا اُستاد؟ ابلیس تھا۔ اور بھائی، یہ آج بھی زیادہ نہیں بدلا وہ خدا کی قدرت کا اندازہ نہیں رکھتے۔

-115 قطع نظر اِس کے کہ آپ کتنی تعلیم حاصل کرتے ہیں، آپ اِس کو اپنے اندر سمو سکتے ہیں۔ خدا بڑے کلمات میں نہیں ہے۔ خدا ایک ایماندار دِل میں ہے۔ آپ بڑے الفاظ سے گا، یا، بول سکتے، جیسے کہ میرا خیال ہے، یہ چیز آپ کو خدا کے قریب نہیں لاتی۔ آپ کھڑے ہو کر مشق کر کے اپنے وعظ کو دُہرا کر یہ چیزیں کہہ سکتے ہیں یہ آپ کو خدا کے قریب نہیں لاتی۔ آپ بغاوت سے سیکھ سکتے ہیں حتیٰ کہ آپ اُس کے ساتھ سو جائیں۔ لیکن پھر بھی یہ آپ کو خدا کے قریب نہیں لاتی۔ ایک عاجز اطاعت گذار دل، اسے اپنی سادگی کے ساتھ، آپ کو خدا کے قریب لاتا ہے۔ یہ مسیح

ہے۔آمین۔! خدا ایک حلیم دل کو پسند کرتا ہے،اب،اِس سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ کو اپنی بنیادی چیز کا پتہ ہے۔اِس سے فرق نہیں پڑتا۔صرف ایک عاجز دل،خدا ایک عاجز دل میں رہتا ہے،تعلیم میں نہیں،یہ سکولوں میں نہیں،علمِ الہیات میں نہیں،سیمنیریوں میں نہیں،نہ ہی دوسری مختلف جگہوں میں نہ بڑے الفاظ میں،نہ اچھی پرانی جگہوں میں۔خدا انسانی دلوں میں رہتا ہے اور جتنا نیچے آپ اپنے آپ کو کر سکتے ہیں،زیادہ سادگی سے،آپ خدا کی نظر میں زیادہ بڑے ہوتے جاتے ہیں۔

116- میں آپ کو کچھ دیتا ہوں۔میں دیکھتا ہوں کہ آپ کے کھیت گہیوں سے بھرے ہوئے ہیں گندم سے بھرا ہوا سر ہمیشہ جھک جاتا ہے۔ایک چھوٹی پرانی ٹہنی چُھپی رہتی ہے اور ایسے اَردگرد ہلتی ہے جیسے سب کچھ جانتی ہے،یہ اُس کے سر پر نہیں ہے۔ایسا ہی طریقہ ہے بہت سے اشخاص کے ساتھ جو سوچتے ہیں کہ اُن میں سر میں بہت کچھ ہے لیکن دِل میں کچھ نہیں۔ایک پاک سر طاقت کے آگے جُھکے گا،یسوع مسیح کو خدا کا بیٹا مانے گا اور اسکے کاموں پر ایمان لائے گا۔وہ وہ یکساں ہے،آج اور گزرے ہوئے کل

اوہ،وہ اُسے پہچانتے ہیں،یقیناً،ایک تاریخی نقطہ نگاہ سے۔لیکن یہ تاریخ کی چیز نہیں ہے۔لوگ کھڑے ہوتے ہیں اور کہتے ہیں،،اوہ،،میں پینٹی کوسٹ کو مانتا ہوں،جب ان پھر عظیم نزول ہوا تھا اور اس طرح کی چیزیں،اور آگ کی تصویر بناتے ہیں۔ایک ٹھٹھرتا ہوا آدمی تصویری آگ سے کیسے گرم ہوسکتا ہے۔تصویری آگ گرم نہیں کرتی۔ایسا ہی وہ ہیں۔یہ آج کیا ہے کہ وہ کل،آج بلکہ ابد تک یکساں ہے؟ یہ تصویری آگ ہے۔کوئی شخص جو سردی سے مر رہا ہو،کہے،دیکھوں وہاں کتنی زیادہ آگ ہے۔کیوں،وہ آپ کو گرم نہیں کرے گی۔

118- اُن کے پاس پینٹی کوسٹ کیا تھا،اُن کے پاس شروع کے دور میں کیا تھا،وہ آج ہمارے پاس ہے۔اور جتنی جلدی خدا چیزوں کو ہموار کرتا ہے اور کلیسیا اکٹھی ہوتی ہے تو زندہ اٹھایا جانا

ہوگا۔لیکن ہمارا تو الٰہی شفا کیلئے ایمان نہیں ہے جہاں تک کہ زندہ اٹھائے جانے کا۔ کیونکہ ہم غلط ملط ہوئے ہیں اِس رستے یا اُس رستے اور ڈاکٹر یا ایسا ایسا کہا تھا۔ خیر، میرے مناد نے کہا کہ وہ ایسا تھا۔

تھوڑی دیر پہلے ایک عورت نے کہا، وہ صرف دھوکے باز ہے۔ کہا، میرے خادم نے مجھے ایسا بتایا تھا۔ میں خواہش کرسکتا ہوں کہ کاش اُس کا خادم ایک دفعہ یہاں آ سکتا۔ ہم دیکھ سکتے کہ کون بہروپیا ہے۔ ٹھیک ہے۔ ہم دیکھیں گے کہ کون نقلی ہے۔ آؤ، کوشش کرلو۔

120- زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ یہاں رلنگن ، ٹیکسان میں جب ہم وہاں خدمت کررہے تھے، اُس رات جب میں وہاں گیا تو وہاں ہر طرف بڑے نشان تھے، کہا گیا کہ وہاں ایف بی آئی ہے تا کہ مجھے بہروپیا ثابت کرے۔ چنانچہ وہاں کسی جگہ ٹیکساس میں ایک چھوٹی لڑکی نے شفا پائی اور وہ وہاں سے دور تھی، میرا خیال ہے ہزار میل پین ہینڈل کے قریب اور یہ ہارلنگن میں تھی سرحد کے پاس۔ بھائی باکسٹر آئے اور کہا، بھائی برینہم آپ نے ایسا ہجوم کبھی نہیں دیکھا یہاں پر تقریباً چار یا پانچ ہزار لوگ ہیں۔ اور کہا اور پھر ہر طرف ایف بی آئی والے آپ کو پکڑ کر آج رات اِس پلیٹ فارم پر آپ کو بے نقاب کریں گے۔

میں نے کہا،، میں یہ سُن کر بہت خوش ہوا ہوں، کہا آپ اُس چھوٹی لڑکی کو جانتے ہیں جس نے اُس رات شفا پائی تھی؟

122- میں گھر سے آرہا تھا۔۔۔اپنے کمرے کی طرف جاتے ہوئے میں نے کسی کو روتے سنا اور اپنے اِردگرد دیکھا۔ میں نے سوچا کہ شاید کسی پر حملہ ہوا ہے۔ یہ ایک لڑکی تھی۔ اور میں نے پیچھے دیکھا، میں نے کہا۔۔۔اور میں واپس گیا، اور کہا،، مادام، کیا بات ہے؟

اور یہ دو چھوٹی لڑکیاں وہاں کھڑی تھیں تقریباً سترہ اور اٹھارہ سال کی عمروں کی اور اُن

کے بازو ایک دوسری پر تھے۔ روتے ہوئے انھوں نے کہاں، بھائی برینم ! مجھے پتہ تھا کہ وہ مجھے جانتی تھیں۔ کہا،، ہم ۔۔۔ میں اِسے یہاں تک لے کر آیا۔ کہا، اُسے پاگل جانا چاہیے۔ اور وہ لڑکی میرے کمرے میں تھی لِبک تیٹکساس میں۔ اور کہا،، میں جانتا تھا کہ اگر تم کبھی اِسے دُعا کیلئے یہاں لاؤ گی تو میرا ایمان ہے کہ خدا اُسے شفا دے گا۔

میں نے سوچا،، کیسا ایمان۔ اور میں نے کہا خیر اب،، بہن تم اِسے لے جا سکتی ہو۔۔ اور اسی وقت میں نے کہا تم یہاں پیلی گاڑی میں آئی ہو، کیا تم نہیں؟

کہا۔،، جی،،

میں نے کہا،، تمھاری والدہ معذور ہے۔

وہ بولی۔،، یہ بالکل درست ہے۔

اور میں نے کہا۔،، تم میتھوڈسٹ کلیسیا سے تعلق رکھتی ہو۔

اُس نے کہا،، یہ واقع سچ ہے۔

میں نے کہا،، نیچے سڑک پر، تم تقریباً مُڑ گئیں تھیں۔ تم اور یہ لڑکی اُس وقت ہنس رہے تھے جہاں سے آدھا پکا اور آدھا تارکول والا راستہ ہے اور تم مُڑ رہیں تھیں۔

اُس نے کہا۔ بھائی برینم یہ سچ ہے۔

میں نے کہا، اور خداوند یوں فرماتا ہے، لڑکی شفایاب ہوگئی۔

126- اگلے دن وہ قصبے میں ہر ایک کو بتا رہی تھی کہ کیا ہوا۔ ظاہر ہے وہ اُسے اُس جگہ نہیں جانتے تھے کہ پہلے وہ اِس حالت میں تھی بھی کہ نہیں۔ اور اُس دن میں ۔۔۔ بھائی بیکسٹر نے کہا،،، بھائی برینھم،، کہا،، وہ لڑکیاں نیچے اپنا سوٹ کیس پیک کر رہی ہیں۔ اور اِس ایک چیز کا اُسے پتہ نہیں تھا کہ مجھے معلوم تھی۔ ہمارے پیسے کا لین دین اوپر نیچے ہو گیا تھا۔ میں نے اُسے اِس بارے میں بات

نہیں کرنے دی۔لیکن اُن میں سے ایک لڑکی نے تو سو ڈالر دیئے۔اُس رات سے پہلے کے چندے،، ہدیے میں اور اُس پیسے کو اوپر رکھا۔اب، وہ نہیں۔اسے اِس کا ابھی تک پتہ نہیں، لیکن مجھے معلوم تھا۔دیکھا؟ کہ میں۔۔۔خدا نے مجھے بتایا کہ ٹھیک ہو جائے گا۔

127- بھائی بیکسٹر نے کہا۔،، بھائی برینہم،، کہا۔آپ مجھے تھوڑا سا کھینچے۔۔کوشش دیں۔کہا،،اُن کے پاس یہاں الٰہی شفا دینے والے ہیں جنھیو نے اِن لوگوں کو کھینچا،،کوشش ہے۔

میں نے کہا،، کچھ نہیں۔نہیں جناب آپ یہ نہیں کریں گے۔ بھائی باکسٹر جب بھی آپ پیسے کیلئے کوشش کریں گے میں آپ سے ہاتھ ملاؤں گا جیسے کہ ہم بھائی ہیں، میں اکیلا جاؤں گا۔دیکھا، میں نے کہا آپ ایسا مت کریں۔میں نے کہا،، ہزار پہاڑیوں پر موجود مویشی بھی خدا کے ہیں اور ہر چیز اُس کی ہے۔میں اُس کا ہوں۔وہ میرا خیال رکھے گا

اُس نے کہا۔،، ٹھیک ہے۔

اور اُسی رات اُسی رات اُس نے کہا۔،، بھائی برینہم،، یہاں دیکھیں کسی نے۔۔۔یہاں دیکھیں۔یہاں ایک لفافہ پڑا ہے۔اِس پر کوئی نام نہیں؟ اِس میں سو ڈالر کے نوٹ پڑیں ہیں۔ بالکل اتنے ہی جتنے ہمیں چاہیں۔

میں نے کہا،، بھائی باکسٹر،،

انھوں نے کہا،، مجھے معاف کر دیں۔

130-تب مجھے پتہ چلا کہ یہ وہی لڑکی ہے چنانچہ پھر۔اگلے دن بھائی باکسٹر نے کہا،،، بھائی برینہم وہ نیچے اپنا سامان پیک کر رہی ہیں اور رو رہی ہیں۔

میں نے کہا،، کیا ہوا؟

کہا،، آپ خود جائیں اور دیکھیں،

اور میں اُس کمرے میں گیا جہاں وہ تھیں۔ میں نے کہا، وہ کس کمرے میں ہیں؟ میں گیا اور دروازے کو کھٹکھٹایا۔ میں نے اُنھیں روتے ہوئے سُنا۔ میں نے دستک دی اور ایک لڑکی دروازے پر آئی، اُس نے کہا،، اوہ بھائی برینہم، میں بہت معذرت خواہ ہوں۔ اُس نے کہا،، میں نے آپ کو اتنی تکلیف دی،،

میں نے کہا،، تکلیف؟ بہن کیا معاملہ ہے؟

اُس نے کہا،، اوہ میں نے ایف بی آئی کو آپکے پیچھے لگا دیا۔

اور میں نے کہا۔ اوہ کیا یہ ٹھیک ہے؟

کہا،، جی کہا میرا خیال ہے کہ آج میں قصبے میں ہر جگہ بہت زیادہ گواہی دے دی۔

میں نے کہا،، نہیں،،

اُس نے کہا،، بھائی برینہم ایف بی آئی یہاں وہاں ہر جگہ ہے اور آج رات آپ کو بے نقاب کرے گی۔

میں نے کہا،، خیر،، اگر میں۔ اگر میں کوئی غلط چیز کر رہا ہوں، تو مجھے بے نقاب ہونا چاہیے ٹھیک ہے؟ میں نے کہا،، یقیناً،، اگر انجیل کی منادی کو بے نقاب ہونا چاہیے، تو ایسا ہونے دو۔ دیکھا؟ میں نے کہا،، میں۔ میں۔ میں اِس بائبل کے وسیلے زندہ ہوں اور جو یہ بائبل کہتی ہے۔ یہ نہ کہو۔۔۔ یہاں یہ میرا دفاع ہے۔ دیکھا؟ اور میں نے کہا، اور میں۔۔۔

134- وہ بولی،،، خیر کہا،، میں معذرت خواہ ہوں کہ میں نے کیا کیا۔

میں نے کہا،، بہن آپ نے کچھ نہیں کیا۔

اُس نے کہا،، تو آپ، آپ وہاں جانے سے خوفزدہ تو نہیں؟

میں نے کہا،، نہیں،،

وہ بولی،،اچھا ایف بی آئی والے وہاں ہیں۔

میں نے کہا،،اچھا ہے، وہ میری میٹنگ میں پہلے بھی آئے ہیں اور نجات پائی ہے۔ میں نے کہا،،مسٹر، ال فراد۔۔۔

کیپٹن ال فراد، آپ میں سے بہت سارے ٹاکوما، واشنگٹن میں اُن کی تبدیلی کے بارے میں جانتے ہیں۔انہوں نے نشانے بازی کی جگہ پر نجات پائی۔میٹنگ میں آئیں میں نے کہا،، میں دو سال سے اِس آدمی کے تعاقب ہوں اور میں نے روپے پیسے کے لین دیں کے بارے میں سنا اور میں نے دیکھا ہے اور ہر جگہ گیا ہوں۔اور کہا یہ سچ ہے۔آپ ایک جنونی کو آج رات نہیں سُنیں گے آپ سچائی کو سُن رہے ہیں۔کہا پولیس فورس کے آدمیوں میں سے ایک نے جس کے پاس ڈاکٹر تھا کو کہا کہ وہ اُس کے بچے کو دیکھے جس کو دعا والی قطار میں بھیجا گیا تھا اور بچے نے وہی کچھ بتایا جو کہ اُس کے ساتھ غلط تھا اور کیا کچھ ہوا تھا۔اور وہ بولا،،آٹھ دنوں میں یہ سکول میں واپس چلا جائے گا، پولیو کا ایک کیس،اور کہا،،اور آٹھویں دن، بچہ سکول چلا گیا۔کہا۔۔ میں نے دو سال اِس کا پیچھا کیا ہے۔دس ہزار لوگوں کے سامنے۔یہ سب کے سامنے ہے۔سیٹیل کی میٹنگ میں اِس کی تصویر ہے۔آپ کی کتاب میں۔اُس نے کہا،، میں آپ سب کو بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کسی مذہبی بہروپیے کو نہیں سن رہے،آپ سچائی کو سُن رہے ہیں۔کیپٹن ال فرار۔اور اگلے دن میں اُسے خدا کے پاس لایا اور اُس نے روح القدس کا بپتسمہ پایا۔وہاں ایک بڑی جگہ پر،نشانے بازی کی جگہ پر۔

137- میں نے کہا۔۔ہوسکتا ہے کہ یہ آدمی بھی ویسا ہی کرے گا۔تو اُس نے کہا،، کیا آپ وہاں جانے سے خوف زدہ ہیں؟

میں نے کہا،،خوف زدہ؟ بالکل بھی نہیں۔یقیناً نہیں۔میں کیوں خوف زدہ ہوں جب خدا نے مجھے وہاں بھیجا ہے؟ وہ جنگ لڑے گا میں نہیں۔چنانچہ میں نے کہا،،اب میں چاہتا ہوں کہ آپ

سب دور رہیں۔اور میں۔۔۔

ہم اُس رات میٹنگ کیلیئے وہاں گئے۔وہ جگہ کھچا کھچا بھری ہوئی تھی۔اور وہاں کا نگران باہر آیا اور کہا،،محترم برہینم ،میں نے دس میکیسن بچوں کی خدمات حاصل کی ہیں کہ وہ سب کو بلائیں اور وہاں بٹھائیں۔کہا،،اوہ،میں ایسا محسوس کرر ہا ہوں کہ جیسے اُس آدمی پر قابو پالوں گا۔

میں نے کہا،،جناب پریشان مت ہوں،،خدا اُس کو باز رکھے گا۔دیکھا؟ صرف اُسے اکیلا ہونے دو۔

140- چنانچہ میں گیا۔اور اُس رات جب ہم آئے،میں کبھی نہیں بھولوں گا۔میں کمرے میں آیا۔بھائی باکسڑ نے گایا،،صرف ایمان رکھو۔اُس نے کہا،،بھائی برہینم کہتے ہیں کہ آج رات ہم اِس عمارت کو چھوڑیں گے۔،،کہا،،میں واپس جارہا ہوں تا کہ آخری حصے میں بیٹھوں اُس نے کہا،،وہ آج رات پلیٹ فارم پر اُسے بے نقاب کرنے کا سوچ رہے ہیں۔اُس نے کہا،،میں نے اُسے بہت مشکل جنگوں میں دیکھا ہے اور خدا کو اُس کی جگہ لیتے دیکھا ہے۔،،کہا،،میں۔میں صرف پیچھے جا کر بیٹھوں گا۔

میں گیا اور کہا،،میں صرف یہ چھوٹا سا کالم پڑھ رہا تھا کہ کہاں مجھے آج رات بے نقاب کیا جائے گا۔میں نے کہا۔،،میں،،میں اب چاہتا ہوں کہ ایف بی آئی کے کارندے آگے بڑھیں اور یہاں اِس پلیٹ فارم پر مجھے بے نقاب کریں۔میں نے کہا،میں یہاں انجیل کے دفاع میں کھڑا ہوں۔میں چاہتا ہوں کہ آپ آئیں اور مجھے بے نقاب کریں۔اور میں نے انتظار کیا۔میں نے کہا،،ہوسکتا ہے کہ وہ ابھی یہاں نہیں ہیں۔میں جانتا تھا کہ میں کہاں تھا۔اُس نے پہلے ہی مجھے میرے کمرے میں بتا دیا تھا کہ کیا ہونے جارہا ہے۔کیونکہ میں نے محسوس کیا۔آپ نے دیکھا؟اور میں نے کہا۔میں بولا،،ہوسکتا ہے کہ میں تھوڑا سا انتظار کروں۔کیا ہم ایک گیت گا سکتے ہیں؟اور

کوئی شخص اوپر آیا اور تنہا گایا۔

142- میں نے کہا،،مسٹر ایف بی آئی ایجنٹ،کیا آپ اندر ہیں یا باہر؟ میں بے نقاب ہونے کیلئے انتظار کر رہا ہوں۔کیا آپ آگے آئیں گے؟ کوئی نہیں آیا۔ میں حیران ہو رہا تھا کہ یہ کہاں تھا۔خداوند نے مجھے بتایا تھا کہ۔ یہ کیا تھا۔ یہ دو گمراہی میں مبتلا مُناد تھے،اور میں۔ میں اسے دیکھ رہا تھا میں کونے پر ایک سیاہ سائے کو ہلتے دیکھ رہا تھا۔ مجھے پتہ تھا کہ یہ کہاں تھا۔ میں نے اُس طرف دیکھا اور یہ سیدھا مڑا اور اور گیلری میں چلا گیا۔ایک آدمی نیلے کپڑوں میں اور ایک سرمئی ہیں۔

میں نے کہا،،دوستوں یہاں کوئی ایف بی آئی نہیں ہے۔ ایف بی آئی نے بائبل کی منادسے کیا کرنا ہے؟ میں نے کہا یقیناً نہیں۔ یہ ایف بی آئی کے دو رکن نہیں تھے جو مجھے بے نقاب کرنا چاہتے تھے۔لیکن یہاں یہ ظاہر ہو گیا؟ وہ وہاں پر موجود تھے دو مناد وہاں پر موجود تھے۔اور وہ نیچے ہو گے میں نے کہا اِس طرح نیچے مت بیٹھیں،اور وہ ٹیکسیں کے بڑے آدمی وہاں جانے لگے کہ اُن کو پکڑیں۔ میں نے کہا،،نہیں بھائیوں، یہ خون اور گوشت کا معاملہ نہیں،صرف آرام سے بیٹھیں، خدا اِس چیز کو دیکھے گا۔

144- میں نے کہا،،اب، بھائیوں، دیکھیں جب آپ یہاں ہیں تو اِس سے ہٹ کر دیکھیں۔ میں نے کہا،،اگر۔۔۔آپ نے کہا کہ میں شمعون غیب دان ہوں؟ میں جادوں کی وجہ سے لوگوں پر اثر انداز ہو رہا تھا۔ میں نے کہا،،اگر میں شمعون غیبدان ہوں تو آپ خدا کے لوگ ہیں اب آپ اس پلیٹ فارم پر آئیں ہیں اور اگر میں شمعون غیب دان ہوں تو خدا مجھے ہلاک کر دے۔ اور اگر میں خدا کا نبی ہوں،آپ یہاں آئیں اور خدا آپ کو ہلاک کر دے۔اب،ہم دیکھیں گے کہ کون صحیح ہے اور کون غلط۔اب،آپ نیچے آجائیں۔ ہم ایک گیت گائیں گے۔وہ اُس عمارت سے باہر چلے گئے اور ہم نے پھر اُنھیں نہیں دیکھا۔ دیکھا؟ میں نے کہا،آؤ۔اگر میں شمعون غیب

دان ہوں تو خدا مجھے ہلاک کرے اور اگر میں خدا کا نبی ہوں تو خدا آپ کو ہلاک کرے جب آپ اِس پلیٹ فارم پر آ ئیں۔ اگر میں خدا کے سامنے سچا ہوں تو خدا آپ کو اِس پلیٹ فارم پر ہلاک کرے۔ وہ زیادہ بہتر جانتے تھے۔ یہ ٹھیک ہے۔ وہ زیادہ جانتے تھے۔ انھوں نے دوسری جگہوں سے سُنا تھا۔ یہ ٹھیک ہے۔ چنانچہ کبھی نہ سوچیں مگر اِس کے سوا کہ خدا آج بھی خدا ہے۔ وہ جواب دیتا ہے۔

اب اِس عین دور کی افسون گر عورت، نے سموئیل کی روح کو بُلایا اور ساؤل نے سموئیل سے بات کی۔ اب آپ حیران ہوتے ہونگے کہ یہ کیسے ہوا۔ یہ آج نہیں ہوسکتا۔ نہیں، جناب کیونکہ بیلوں اور بکروں کا خون صرف وقت کے پورا ہونے کے انتظار کی حصہ تھا۔ جب ایک آدمی فوت ہوتا تھا۔۔۔ منادحضرات، میری تائید کریں، اگر یہ درست ہے۔ جب ایک آدمی فوت ہوتا، وہ کسی جانور کے فدیے کے نیچے مرتا تھا اور اُس کی روح بہشت میں جاتی اور وہاں اُس وقت تک انتظار کرتی جب تک کہ۔ نجات کے دن تک۔ اور اُس کی روح وہاں تھی۔

146- میں آپ کیلئے یہاں ایک تصویر بناتا ہوں۔ کتنوں نے مرا مضمون پڑھا یا میرے بارے میں اکتوبر نومبر کے شمارے، ایڈرز ڈائجسٹ،، میں جو مضمون لکھا گیا؟ ٹھیک ہے۔ کیا آپ نے غور کیا وہ کیسا تھا؟ کیا آپ نے غور کیا کہ اُس سے دو یا تین ہفتے پہلے، اِس مشہور و مروف ذریعے کو جیسے بہت پہلے استعمال کیا گیا۔ مسز پاپئیر۔۔۔ کیا آپ نے کیا؟ کیا ہر ایک نے کبھی مس پاپئیر کے،، ریڈرز ڈائجسٹ میں مضمون کو پڑھا؟ کیا یہ حیران نہیں کہ کیسے وہ دوروحیں۔۔۔

میرے پاس کتنا وقت بچا ہے؟ صرف تھوڑا سا، بیس کے بعد، میں جلد کوشش کروں گا۔ میں جانتا ہوں کہ آپ۔۔۔ دیکھیں، مجھے ایک منٹ کیلئے معاف کیجئے۔

148- آپ جانتے ہیں کہ وہاں۔ وہاں دھوکا ہے۔ ہر چیز کی اصل اور دھوکا ہے۔ اگر میں آپ کو

ایک ڈالر دو اور کہوں، کیا یہ ایک اچھا ڈالر ہے؟ اور آپ اُس کو دیکھیں گے۔ یہ ایک اصلی ڈالر کی طرح لگے گا ورنہ آپ اِس کا یقین نہیں کریں گے۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ چنانچہ یہ اچھی نقل ہونی چاہیے۔

اور اگر یسوع نے کہا کہ آخری ایام میں دونوں روحیں اِس قدر قریب ہوں گی کہ ممکن ہے کہ وہ چنے ہوئے، مذہبی لوگوں کو دھوکا دے دیں۔ اب، یاد رکھیں۔ اب، وہاں اُن پرانی سرد میں کچھ نہیں۔ باہر پرانی سرد اور رسمی؟ اُن کے پاس صرف دینداری کا بھرم ہے۔ آپ نے دیکھا؟ لیکن یہ دو روحیں حقیقی روحیں ہیں یہ اتنی قریب ہیں کہ یہ چنے ہوؤں کو بھی دھوکا دیں گی، کیسے یہ آخری دنوں میں پہلو بہ پہلو کام کر رہی ہیں۔ کیا یسوع نے ایسا کہا تھا؟ اُس نے کہا تھا۔

150- اب، دوستو، دیکھو، میں آپکے لیئے ایک چھوٹی تصویر بنانے جا رہا ہوں؟ میں چاہتا ہوں کہ آپ ایک منٹ کیلئے یہاں دیکھیں۔ مجھے آپ کی غیر منقسم توجہ چاہیے۔ کیونکہ میں آپ کو ایک تمثیل دینے جا رہا ہوں اور پھر آپ اِسے دیکھیں گے۔

اب۔،، ریڈرز ڈائجسٹ میں یہ لکھا۔ میں وہاں کھڑا تھا۔ ہمارے پاس وہاں ستائیں سو لوگ باہر کھڑے دعا کیلئے انتظار کر رہے تھے۔ آپ نے مضمون پڑھا۔ اور ایک آدمی کینیڈا سے آیا اور اِس کے ساتھ ایک چھوٹا لڑکا تھا جسے میسو اور جان ہاپکنز تھی، یہ خطرناک دماغی بیماری جس نے اُس کے چھوٹے سے ہاتھ کو اِس طرح بنا دیا تھا اور اسکی ٹانگوں کو اِس طرح کھینچ دیا تھا اور انھوں نے کہا،، اس کا کوئی اُپریشن یا کوئی اور چیز بھی نہیں ہو سکتی۔

152- چنانچہ وہ اُسے کینیڈا واپس لے گیا۔ اُس نے کہا، میں ابھی مایوس نہیں ہوا،، مجھے ابھی کوڑے نہیں لگے۔ آپ،، ریڈرز ڈائجسٹ،، کا نومبر کا شمارہ حاصل کریں اور اس کو،، ڈونی مورٹن کا معجزہ کہا گیا۔ اور اور انھوں نے کہا کہ۔ وہاں۔ وہ۔ کہ وہ آدمی بولا۔،، میں ابھی مایوس نہیں ہوا۔ کیونکہ میں ایک شفا دینے والے ولیم برینہم کو جانتا ہوں جس نے میرے دو دوستوں جو گونگے

اور بہرے تھے اور بولنے اور سننے لگ گئے کو شفادی۔

اور انھوں نے کال کر کے جاننے کی کوشش کی کہ میں کہاں ہوں۔کیا ابھی امریکہ میں ہی ہوں۔اور میں کوسٹا میسا، کیلیفورنیا میں تھا۔اور اگر۔۔۔اور جب آپ مضمون پڑھیں گے، تو رونے کیلئے تیار ہو جائیں۔یہ آپ کے دل کو توڑ دے گی۔کیسے وہ برفبادوں اور ہر طرح کی چیزوں سے اُس لڑکے ساتھ گزرُا۔اُس نے کہا، ،ڈونی احتیاط کریں۔کہا، ،اب ہم شکست خوردہ نہیں ہیں۔اور چھوٹا بچہ مُسکرا ابھی نہیں سکتا تھا۔وہ اتنا زیادہ کمزور ہو چکا تھا۔کہا، ہم ہار نہیں مانے، ہم خدا سے مانگنے جا رہے ہیں۔ہم خدا کے نبی کے پاس جائیں گے اور اُس سے مانگیں گے۔

154- اور پھر وہ برف سے ہوتے ہوئے آئے۔اور با آلاخر وہ وہاں پہنچ گئے اور اسکی ماں بھی انکے ساتھ تھی اور انکے پاس اتنے پیسے نہیں تھے کہ ہوائی جہاز کے ذریعے آتے، چنانچہ انھوں نے ماں کو واپس بھیج دیا اور لڑکا اور اُس کا باپ بس کے ذریعے آئے اور کیسے وہ سارا راستہ ونی پیگ کینیڈا سے کوسٹا میسا، کیلفیورنیا آئے۔اور وہ وہاں آئے۔خستہ حال اور باپ نے بتایا کہ کیسے وہ لنگوٹ تبدیل کرتا تھا، اس سات یا آٹھ سال کے بچے کے اور وہ کتنا زیادہ لاچار تھا۔اور کیسے وہ نہ کچھ کھا پا یا اور کہا کہ اُس کا چھوٹا لڑکا اُسے بات کرتا ہوا سُن سکتا تھا اور راستے میں اُس کی آنکھیں دیکھ رہا تھا، وہ مسکرانے کی کوشش کر رہا تھا، آپ جانتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہ اُس کو مختلف مناظر کے بارے میں بتا تا تھا جو انھوں نے امریکہ میں دیکھے۔

155- اور جب وہ کیلفیورنیا میں پہنچ گئے تو انھوں نے مسافر کی مدد کو کہا، وہ کیا دیکھنے کیلئے آئے۔ اُس نے کہا، ،کیا الٰہی چیز دیکھنے آئے ہو؟ اور ایک بڑا سوالیہ نشان۔

آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ امریکہ نے اِس بارے میں کیا کہا ہوگا۔آپ نے دیکھا؟ دیکھا، یہ ہم ہیں؟ ہم جو بڑے ہوشیار ہیں ہم ہر چیز جانتے ہیں۔آپ کو پتہ ہے اور ہمیں ہر

چیز بتانے کی ضرورت نہیں ہے، ہم نے سب کچھ لکھ رکھا ہے۔ دیکھا؟

تو پھر،، چنانچہ،، ایک الہی کیا؟ اتنی دور وینی پیگ، کینیڈا سے آتے ہوئے؟ کیوں، اُنھوں نے سوچا کہ یہ خوفناک ہے۔

158- خیر اخبار نے ایک پکڑ لی۔ ایک گاڑی اور اسے وہاں بھیج دیا۔ اور کہا جب وہ قطار میں آ گیا، تو وہاں تھی تو کہا گیا کہ ستائیں سو لوگ دُعا کیلیئے انتظار کر رہے تھے۔ لیکن کہا جب انھوں نے اُس نامکمل، چھوٹے سے لڑکے کو، اور اسکے غریب ماں باپ کو جس نے ٹوپی پہنی تھی، پھٹے کوٹ میں دیکھا، تو ہر کوئی ایک طرف ہو گیا اور اُس کو جگہ دی۔ جب اُس نے پلیٹ فارم کو چھُوا۔۔۔

یہ اصولوں کے خلاف ہے کہ دعا کے کارڈ کو تبدیل کیا جائے۔ اگر کوئی میٹنگ میں آتا ہے تو لازمی اپنا کارڈ لے اگر کوئی قطار میں پکڑا جاتا ہے، کسی اور کے ساتھ اپنا کارڈ تبدیل کرتے ہوئے تو دُعا والا کارڈ بے توقیر ہو جاتا ہے۔ دیکھا؟ کیونکہ آپ کو لازمی آنا چاہیے، ہدایات کو سُنیں اور جانیں کہ کیسے حاصل کرنا ہے۔ یہ آپ پر منصر ہے۔ آپ اِس کو کسی اور کے لیئے نہیں لے سکتے۔ آپ کو خود آنا ہو گا، اپنے لیئے لینے کیلیئے تا کہ آپ سُنیں۔ کہ ہو سکتا ہے کہ وہ مجھے شفا دے، میں۔۔۔ دیکھا؟ اور پھر یہ پیلٹ فارم پر افراتفری پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ وہ اِس چیز کو ختم کر دیتے پیشتر اِس کے کہ وہ وہاں پہنچے۔

160- چنانچہ جب بچے نے شروع کیا یا باپ نے لوگوں سے آگے چلنا شروع کیا، بلی نے اُس کے دُعا والے کارڈ کے بارے میں پُوچھا۔ اُس کے پاس کوئی نہیں تھا۔ کہا،، جناب پھر میں مجبور ہوں۔ کہا،، آپ کو انتظار کرنا پڑے گا۔

وہ بولا،، ٹھیک ہے کہا،، میں انتظار کروں گا پھر میں دوسروں کی طرح اپنی باری کا انتظار کروں گا۔ مجھے نہیں پتہ تھا کہ مجھے یہ کرنا تھا۔

اور میں کسی اور سے مخاطب تھا۔ میں نے یہ سُن لیا۔ میں نے اُس باپ کو دور جاتے دیکھا اور میں نے کہا۔ کیا بات ہے؟

اُس نے کہا،، اُس کے پاس دُعا والا کارڈ نہیں ہے۔ اور کسی چیز نے مجھ سے کہا،، اُسے واپس لاؤ۔

چنانچہ میں نے کہا،، اُسے یہاں لاؤ اور باپ آ گے آیا، اور اُس کے چہرے پر آنسو بہہ رہے تھے،،،، اوہ وہ۔۔ چلتا ہوا آیا اور یہاں ریڈرز ڈائجسٹ پڑا ہے کہا۔۔۔ میں نے کوئی سوال نہیں پوچھے،، لیکن سیدھا لڑکے کے چہرے کی طرف دیکھا، لڑکے کو بتایا کہ وہ کہاں سے ہے۔ وہ میو کے ہسپتال میں رہا تھا، اور سب کچھ کہ اُس کے ساتھ کیا ہوا تھا۔ وہ کیسے بیمار ہوا اور باقی سب کچھ

164- اور باپ نے رونا شروع کر دیا اور جانے کیلئے مُڑا۔ اور کہا کہ وہ پلیٹ فارم سے جانا شروع ہوا تھا اور وہ مڑا اور کہا،، جناب یہ درست ہے۔ وہ بولا،، لیکن کیا میرا بچہ زندہ رہ پائے گا؟

میں نے کہا،، میں یہ نہیں کہہ سکتا، میں نے کہا ایک لمحے کیلئے۔ میں نے ایک رویا ظاہر ہوتے دیکھی۔ میں نے کہا،، آپ اِس پر یقین نہیں کریں گے، کیونکہ میو اور ہاپکنز دونوں نے کہا کہ اُس کے دماغ پر وہ آپریشن نہیں ہوسکتا۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ آپ نے کیا کرنا ہے۔ آپ کل صرف اِس بچے کے ساتھ جائیں۔ اگلے تیں دنوں کے اندر آپ گلی میں ایک کالے سر والی عورت سے ملیں گے اور وہ عورت آپ سے پوچھے گی کہ اِس لڑکے کے ساتھ کیا مسئلہ ہے۔ اور پھر وہ آپ کو کسی چھوٹے دیہات کے ڈاکٹر کے بارے میں بتائے گی جو یہ آپریشن کرسکتا ہے۔ اور آپ اِس پر یقین نہیں کروں گے۔ کیونکہ میو والوں نے بتایا کہ یہ ناممکن ہے اور انھوں نے رد کر دیا۔ لیکن یہ ہی اکلوتا چانس،،، واحد موقعہ ہے۔ خدا کی قدرت سے آپ کے بچے کیلئے۔ خدا کا رحم اور وہ آپریشن۔ اب، اگر آپ یقین رکھتے ہیں کہ میں اُس کا نبی ہوں تو وہی کریں جو میں نے آپ کو بتایا ہے۔ حزقیاہ

کی طرف انجیر رکھتے ہوئے اور اِسی طرح۔ اُس نے کہا۔ وہ مُڑا اور بولا،، شکریہ اور چلا گیا۔

166- دو دن یا زیادہ گذرے اور ایک دن وہ گلی میں تھا اور ایک عورت آئی اور پوچھا۔ آپ کے بچے کو کیا ہوا ہے؟

کہا،، اُسے دماغ کی ایک بیماری ہے۔ اور وہ اُس کے بارے میں بتا رہا تھا۔ اور انھوں نے۔ انھوں نے سوچا کہ یہ بہت بُرا ہے۔

اُس نے بتایا کہ چند منٹوں کے اندر کچھ واقع ہوگیا۔ اُس نے کہا،، جناب میں کسی کو جانتی ہوں جو یہ آپریشن کرسکتا ہے۔

اُس نے کہا،، دیکھیں خاتون۔ میو برادرز نے ہاتھ کھڑے کر لیئے اور کہا کہ یہ نہیں ہوسکتا۔ کہا،، یہاں پر ایک آدمی، بھائی برنہیم کے نام سے اِس کے لیئے دُعا کر رہا تھا۔ کہا۔ اُس نے بچے کیلیئے دُعا کی ہے اُس نے کہا ایک منٹ رُکیں۔ کالا سر، سرمئی رنگ کا کوٹ پہنا ہوا۔ کہا۔ یہ وہی ہے۔ کہا وہ ڈاکٹر کہاں ہے؟ اور اُس نے اُسے بتایا۔ اُسے ادھر لے گئی اور ڈاکٹر نے آپریشن کر دیا، بچہ ٹھیک ہوگیا۔

170- اب، یہ ریڈرز ڈائجسٹ کے ذریعے پتہ چلا۔ آپ نے دیکھا؟ اور میو برادرز نے مجھے اِس کے لیئے ایک انٹریو کیلیئے بُلایا۔ کہا۔۔ محترم برہنم آپ نے اُس بچے کے ساتھ کیا کیا؟

میں نے کہا کچھ نہیں۔ میں اُسے ہاتھ بھی نہیں لگایا میں نے صرف وہی بتایا جو خدا نے مجھے کہا تھا کہ بتاؤں۔ اُس آدمی نے اُسے جانا۔

اب، اِس کے بارے میں مذاق والی بات یہ ہے کہ تقریباً اُس کے دو ہفتے بعد یا اُس سے دو ہفتے یا تین پہلے۔ ریڈرز ڈائجسٹ میں شاید ایک مہینہ پہلے، مس پائیر کا مضمون آیا۔ اب وہ ایک اصلی جادوگرنی یا رابطہ کار ہے۔ اب ایک اصلی ہے اور ایک اُس کی نقالی ہے۔ اُن کے پاس یہ

عورت 1897ء سے تھی۔اب وہ سو سال سے زیادہ بوڑھی اور نیو یارک میں رہتی ہے، دونوں بہری ہیں جیسے کہ کمبھا ریڈرز ڈائجسٹ حاصل کریں۔۔۔۔میرا خیال ہے کہ یہ دو مہینے یا ایک مہینہ پہلے میرے والے سے آیا اور آپ اِسے تلاش کر سکتے ہیں۔خزاں کے پہلے والا۔اُس دن یہ مسٹر باکسڑ کے پاس تھا۔اگر مجھے اِس کا خیال ہوتا تو میں اِسے پاس رکھتا۔۔۔۔مجھے پتہ تھا۔کہ میں اس کے بارے میں بولوں گا مجھے اِسے اپنے ساتھ رکھنا چاہیے تھا۔اور میں اِسے آپکے لیے حاصل کر سکتا ہوں۔اور اِس میں تقریباً بارہ یا چودہ صفحے ہیں۔وہ ایک عام گھریلو خاتون تھی۔ایک دن وہ بے خودی کی حالت میں آ گئی جب کہ وہ تکلیف میں تھی اور اُس نے مُردوں سے بولنا شروع کر دیا۔اور وہ عورت تمام دنیا میں ہر جگہ بات چیت کا موضوع بن گئی۔اور وہ اُس عورت کو تمام دینا میں لے گئے۔وہ اُسے انگلیڈ لے گئے۔بہت دفعہ اُس کے کپڑے تبدیل کیے گئے اور چیک کیا کہ شاید کوئی خرابی نکل آئے اور کسی کے چہرے پر ماسک لگا کر اس کی شناخت چھپائی گئی۔ایک یونانی، جس نے ظاہر کیا کہ وہ انگریز ہے۔اور اُس نے اُسے سب کچھ بتایا۔اور وہ !وہ چاہتا تھا کہ اُس کے مُردہ والدین میں سے کسی کو بُلایا جائے۔

173- اب، صرف ایک چیز جو وہ۔۔۔تمام دنیا میں اور یہاں، ریڈرز ڈائجسٹ،، چند راتیں پہلے یا چند مہینے پہلے۔اُن میں سے ایک چیز بے نقاب ہو گئی تھی۔ایک آدمی بظاہر اپنی ماں کے روح والے ہاتھ کو چومنا چاہتا تھا اور اگلے پولیس کی عدالت میں یہ ثابت ہو گیا کہ اُس نے پینر کے کپڑے کو چُھو ما تھا۔بہت سارے لوگ درمیانی رابطہ کار کی نقل کر رہے ہیں، وہ صرف اُن بوڑھے پڑھنے والے لوگوں کی طرح ہیں جو گلیوں میں ایک طرف کو بیٹھے ہوتے ہیں جو کہ شروع میں درمیانی رابطہ کار نہیں ہوتے۔وہ کچھ نہیں سوائے بے کار نقل حوروں کے لیکن ایک حقیقی درمیانی ہے۔

اور ہم مذہبی لوگ دونوں اطراف کے نقلی لوگوں سے کافی مِل لیتے ہیں۔اب، چند منٹوں

کیلئے رک جائیں۔

175- اب، غورر کریں۔ وہ مسز پائیپر ایک اصلی درمیانی رابطہ کار ہے۔ اور میگزین نے کہا،، یہاں ایک چیز ہے جس پر پورا وثوق کیا جا سکتا ہے کہ جب ایک آدمی مرتا ہے تو وہ مردہ نہیں ہوتا۔ وہ کہیں اور وہ زندہ رہا ہے کیونکہ وہ عورت انکی روحوں کو واپس بلاتی ہے اور وہ لوگوں سے بات کرتے ہیں۔

بھائی برہنیم، اب وہ کیا کرتی ہے؟ کیا آپ اِس پر یقین رکھتے ہیں؟ جی ہاں جناب بائبل ایسا کہتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں اِس پر یقین رکھتا ہوں۔ اور وہ ابلیس سے ہے۔ روحانی پن ابلیس کا مکر ہے۔ اب غور کریں، اب دونوں کو دیکھیں۔

اور پھر آپ میری طرف آئے ہوئے خطوط کو دیکھنا چاہیں گے جب میرا مضمون اس کے بعد آیا۔ کیا یہ حیران کُن نہیں کہ وقت کے اختتام سے پہلے خدا ان چیزوں کے بارے میں بولا، اور ریڈرز ڈائجسٹ،، دینا کی ہر زبان میں شائع کیا جاتا ہے۔ دیکھا؟ غور کیا، کیا یہ عجیب نہیں کہ انھوں نے ایک دوسرے کی پیروی کی۔

178- اب، یہاں خطوط آتے ہیں جن میں کہا گیا،، بھائی برینم یہ چیز ثابت کرتی ہے کہ آپ درمیانی رابطہ کار ہیں۔ یہ اِسے ثابت کرتا ہے۔ اِس کو دیکھیں۔ آپ نے بتایا کہ وہ عورت کہاں تلاش کرے گی۔۔۔ اِس عورت کو دیکھیں؟

میں نے کہا،، ایک منٹ انتظار کریں۔ میرے پاس ایک سرکاری خط آیا ہے۔ مجھے معاف کریں، لوگوں کو بھیجا گیا،، میں نے کہا،، آپ منادوں کو کتنا کم پتہ ہے۔ میں نے کہا،، اپنے جسم کو بپتسمہ دینے کے بجائے آپ کو اپنے دماغوں کو بپتسمہ دینے کی ضرورت ہے۔ یہ ٹھیک ہے۔ آپ چیزوں کے بارے میں سوچ کر رُک مت جائیں۔ آپ اِس کے بارے میں کوشش نہیں

کرتے۔

اِسی طرح کا راستہ تھا جواُن دنوں میں اختیار کیا گیا۔انھوں نے یسوع کو دیکھا۔وہ جانتے تھے کہ وہ۔۔۔وہ اُن کے دلوں کو رازوں کو جانتا تھاوہ جانتا تھا کہ وہ اِس طرح کیا کر رہے تھے ۔اورانھوں نے کہا۔،،وہ بدروحوں کا سردار ہے وہ بعلز بول ہے۔دنیا میں بہترین غیب دان،انھوں نے اِس چیز کو جاننے کی کوشش ہی نہیں کی کہ وہ خدا کا بیٹا تھا۔وہ اتنے روحانی نہیں تھے کہ اِس چیز کو جانتے۔یہی ہے۔انھوں نے اِس چیز کو پڑھا یقیناً یسوع کا یروشلیم میں۔ایک خچر پر سواری کرنا اور ایسا ہی،مگر وہ اِسے آمدِ ثانی کے طور پر سمجھے۔

18- اور ایسا ہی آج ہے۔وہ چیزوں کے اوپر کو دیکھ رہے ہیں۔خدا کی تعریف ہو۔یہ ٹھیک ہے۔میں جانتا ہوں کہ اِس سہ پہر خدا یہاں پر ہے اور مجھے پتہ ہے کہ میں آپ کا بہت زیادہ وقت لے رہا ہوں،لیکن دوستو،آپ کو یہ دیکھنا ہے۔اگر میں آپ کو دوبارہ نہ دیکھوں،تو آپ کو پتہ ہونا چاہیے کہ بدرُوحیں کیا ہیں۔اورآپ کو سچ اور غلط چیز کا پتہ ہونا چاہیے۔اور یہ اتنا قریب ہے کہ آپ کو اِس چیز کو علیٰحدہ کرنا پڑے گا۔

اب،یادرکھیں،یہ وہاں اِس طرح نہیں ہوگا فریسوں کی طرح وہاں اِس طرف پر،یا کچھ چیز اِس طرف پر۔یہ یہاں پر قریب ہی دروازے کے پاس ہے۔اِسے دیکھیں۔اب اگر میں لُوں۔۔۔

183- آیئے دو مثالیں لیتے ہیں۔اگر میں آپ سے ڈالر لُوں اور دُوں۔۔اب،اگر میں آپ کو ایک نقلی ڈالر دُوں (ہم ایک تمثیل استعمال کر رہے ہیں اِس لیئے آپ اِسے استعمال کر سکتے ہیں) جو پہلی چیز آپ کریں گے اگر آپ ہوشیار آدمی ہیں۔اگر آپ نے ایک ڈالر لیا ہے تو آپ نے اِس کو دیکھا ہے پہلی چیز جو آپ محسوس کریں اور دیکھیں گے کہ یہ کس سے بنا ہے۔آپ اِس کی قدر کے

بارے دیکھیں گے۔ایک اصلی ڈالر کاغذ سے نہیں بنا ہوتا، یہ آدھا کاغذ سے اور ریشم سے بنا ہوتا ہے ۔آپ نے دیکھا؟ اور پہلی چیز جو آپ دیکھیں گے وہ اُس کی قدر ہے۔ یہ پہلا نشان ہے۔

اور اب اُسے دوسری طرف سے دیکھتے ہیں اور اس طرف خداوند کو لیں جو ہم سے لین دین کر رہا ہے

185- اب، دیکھیں،، پہلی چیز جو آپ غور کریں گے ، ہر چیز۔۔۔اُس کا مضمون دیکھیں۔۔۔اُس کے غیب بینی کے پچاس سالوں میں، اور مُردوں کی روحوں کو بُلانا، اُس نے ایک دفعہ بھی خدا کا مسیح، الٰہی شفا، نجات،، عدالت اور ایسی چیز کا ذکر نہیں کیا۔ اِس میں کچھ نہیں ہے سوائے کھیل کود کے۔

لیکن یہاں اِس طرف مسلسل خدا، عدالت، مسیح کا آنا الٰہی شفا، خدا کی طاقت اور نجات ہے۔ اِس کی قدر و قیمت کا اندازہ کریں آپ افسون گروں اور غیب دانوں کو انجیل کی منادی کرتے نہیں دیکھتے۔لوگوں کے ساتھ کیا مسئلہ ہے؟ میرے۔غور کریں۔

187- اور اصلی چیز جو کرنے کی ہے، اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ ایک ڈالر اصلی ہے یا نہیں، اگر یہ بہت زیادہ ویسا لگتا ہے۔اِس سے اعداد کو ہٹا دیں اور اِسے ٹکسال میں بھیج دیں، اگر وہاں پر ان نمبروں سے ملتے نمبر پائے جاتے ہیں تو پھر ایک ڈالر کا سکہ وہاں ہمارا انتظار کر رہا ہے۔ کیا یہ درست ہے؟

خیر پھر، بھائی جو اُس نے دیا وہ میں اور اِسے بائبل کی طرف لائیں، آپ اِس کو عین دور کی افسون گر عورت میں پائیں گے۔

اور آپ لے جا سکتے ہیں جو یہاں ہے یہ آپ کو واپس مل جائے گا یہ ٹکسال کی کتاب میں یہاں ہے۔ یسوع مسیح، کل آج بلکہ ابد تک یکساں ہے اور یقیناً اس کے کام بھی۔ وہ لوگوں کے ساتھ

کوئی اِدھر اُدھر کی حرکت نہیں کرتا تھا۔ یہ کسی بھلائی کیلیئے تھا کہ کسی کی مدد کی جائے اور اُسے خدا کی طرف لایا جائے۔ آمین! میں اپنے لیئے آمین نہیں کر رہا بلکہ آمین کا مطلب ہے کہ ایسا ہی ہو۔ اور میں۔ میں اِس پر یقین رکھتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ یہ سچ ہے۔

190- اب، غور کریں، آپ یہاں ہیں۔ ابھی، جلدی سے، ابھی کیونکہ میں آپ کو زیادہ انتظار نہیں کرانا چاہتا۔

یہاں، یہاں پر ایک چھوٹی تصویر پر پیش کرتا ہوں، ایک چھوٹی ذہنی تصویر۔ یہاں، بالکل یہاں ایک ندی ہے۔ اِس راستے سے نیچے جاتے ہوئے، نیچے زندگی کو آتے ہوئے (اب، اِسے دیکھیں جونہی یہ راستے بناتی ہے) اب مجھے آپ اپنی پوری توجہ دیں، تاکہ آپ اس کو مِس نہ کر سکیں۔ نیچے اِس طرح۔ اب،، یہاں اِس راستے میں فانی اشیاء رہتی ہیں، میں اور آپ۔ اور اب یہاں، دیکھتے ہیں کہ یہ کیا ہے، یہ باطل چیزوں کا مجموعہ ہے۔ لیکن تھوڑی دیر میں آپ ایک روشنی دیکھیں گے۔ آپ اندھیرا اور پٹیاں دیکھیں گے، وہ خوشی ہے اور جاری ہے شاطین لوگوں کو لے جا رہے ہیں۔ اور، انھوں نے نفیس کپڑے پہنے ہیں اور بہت زیادہ تہذیب یافتہ اور منجھے ہوئے دانشور ہیں لیکن پھر بھی بُری روح۔ لیکن وہاں دوبارہ پیدا ہونے والے ہیں۔

192- اب، یہاں لوگ اِس راستے میں دو اطراف سے اثر انداز ہیں۔ اب یہاں اِس راستے سے وہاں پر ایک تثلیث ہے اور اِس راستے پر بھی وہاں ایک تثلیث ہے۔

اب، جب اب پہلی جگہ پر، اِس طرف کو زیادتی کرنے والوں کی روحیں ہیں۔ جب ایک آدمی مر جاتا ہے تو وہ عدالت کے انتظار والی جگہ پر جاتا ہے۔ یسوع وہاں گیا اور وہاں موجود قید روحوں میں منادی کی۔ اِس کے بعد شیاطین ہیں۔ پھر شیطان اور جہنم ہے۔ پھر جاتے ہوئے پہلی۔۔۔ اب، وہاں بھوت ہیں، غیر پشیمان لوگوں کی روحیں ہیں۔ وہ عدالت،، انصاف کا انتظار

کرر ہے ہیں۔وہ ایک ہی چیز جانتے ہیں اور وہ بیوقوفی ہے اور یہی انھوں نے کی تھی۔

اب یہاں پر، یہ مسیحی باہر سے اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ تمثیل ہے۔ یہاں پر ایک اور روح ہے،روح القدس، ایک آدمی کی روح یسوع مسیح کی۔روح القدس، روح القدس، اُس کی کلیسیا کو فانی دنیا کے دائرہ اثر میں متاثر کرتی ہے۔

شیطان اِن روحوں کے ذریعے، انسانوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔اب،، دیکھیں، اس کے بعد فرشتے ہیں، اِس کے بعد خدا۔اب یہاں پر ہر فانی اِن میں سے ایک دنیا میں سے اثر لیتا ہے۔آپ سمجھ رہے ہیں کہ میرا کیا مطلب ہے؟

196- اب اِس عورت نے کیا کیا؟ وہ اُس دنیا میں داخل ہوئی۔اور وہ ان بدروح گرفتہ آدمیوں سے بول رہی ہے جو شروع میں برگشتہ فرشتے تھے اور جنھوں نے شروع میں توبہ نہیں کی تھی اور اپنے آپ کو قبضہ کرنے دیا اور وہ عدالت کا انتظار کرر ہے ہیں۔

اور یہاں پر وہ ہیں جو خدا کی روح سے دوبارہ پیدا ہوئے اور اُس سے اثر لیا۔اور شیطان کے اپنے نبی ہیں اور خدا کے اپنے سمجھ رہے ہیں کہ میرا کیا مطلب ہے؟ یہ اثر ہے اور اب ہم وہاں جاتے ہیں۔اِس کو الگ کرنا چھوڑ دیں۔یسوع جب وہ اِس دنیا پر تھا۔۔۔

اب، وہ اُس دنیا میں نہیں داخل ہوسکتا کہ وہاں سے ایک راست باز آدمی کو نکال لے۔وہ ایسا نہیں کرسکتا۔کیونکہ راست باز وہاں نہیں ہیں جہاں وہ بہشت میں ہوا کرتے تھے۔نہیں جناب، جنت نے اپنا کام کرلیا جب یسوع کے خون نے اُسے لے لیا۔یہاں دیکھیں، میرے !

199- اگر میں سوچ سکتا ہے کہ یسوع، جب وہ مُوا، وہ گیا اور قید میں موجود روحوں میں مُنادی کی۔وہ ایک گناہ گار کے طور پر مُوا، بغیر کسی گناہ کے ہوتے ہوئے، تاہم اُس پر ہمارے گناہ تھے۔ اور خدا نے، اُسکے گناہوں کیلئے اُسے دوزخ میں بھیجا۔بائبل کہتی ہے کہ وہ وہاں گیا اور روحوں میں

منادی کی۔

کچھ لوگ کہیں گے، بھائی برہینم میں یہ نہیں سمجھ سکتا۔، کہا،، یسوع تیسرے دن جی اٹھا۔ وہ جمعہ کی سہ پہر کوفوت ہوااوراتوار کی صبح جی اٹھا،، کیوں،، وہ تو ایک دن ہی مُوا۔

اُس نے کہا،، اُن کے درمیان وقت۔ کیونکہ اُس کے پاس بائبل میں ایک صحیفہ تھا جس پر وہ کھڑا ہوسکتا تھا۔ داؤد کیلیئے جو بعد میں برائی کی طرف مائل ہوگیا، لیکن وہ بچا لیا گیا۔ لیکن ایک نبی کی خدا کی تحریک کے زیرِ سایہ کہا، میں اُس کی روح کو پاتال میں نہیں رہنے دوں گا نہ ہی میں اپنے قدوس کوسڑنے کیلیئے چھوڑ دوں گا۔ اور وہ جانتا تھا کہ تین دنوں اورراتوں میں جسم گل جائے گا اور خدا نے وہی کی جو اُس نے اپنے نبی کو کہا تھا۔ وہ اُسے گلنے نہیں دے گا۔،،،،،؟ (ٹیپ پر خالی جگہ۔۔۔)

201- خدا کی تعریف ہو۔ اُس نے خدا کا کلام لیا۔ اُس نے اُس سے ہر دفعہ شیطان کوشکست دی۔ اُس نے خدا کے کلام سے موت کوشکست دی۔ خدا کی تعریف ہو۔ اُس نے موت کو ہرا دیا۔ اور جب انھوں نے اُسے مارااوروہ ایک گناہ گار کے طور پر مر گیا میرے اورآپ کے گناہ اپنے اوپر لیئے ہوئے۔ وہ نیچے چلا گیا؟ میں اُسے اُس دروازے پر دستک دیتے ہوئے سُن سکتا ہوں۔

اوراُس کے پاس کھوئی ہوئی روحیں آئیں اور کہا،، تم کون ہو؟

اُس نے کہا،، تم نے حنوک کی کیوں نہ سُنی ؟ تم نے اُن دوسرے نبیوں کی کیوں نہ سُنی جب انھوں نے منادی کی؟ وہ ملعون ٹھہرائی گئیں۔ میں خدا کا بیٹا ہوں جو زندہ تھا۔ میں۔۔۔ میرا خون بہایا گیا۔ میں آیا ہوں کہ تمھیں بتاؤں؟ میں نے پورا کیا جو کہ نبیوں نے کہا تھا کہ میں کروں گا۔ دائیں طرف نیچے شیاطین ہیں۔ جہنم کے دائیں، صورت کی چابیاں اور دوزخ شیطان سے لیتے ہوئے، اُسکی طرف اُن کولٹکایا اور پیچھے ہوگئیں۔ خدا کی تعریف ہو۔

صبح جلدی اُٹھتے ہوئے۔خدا کی تعریف ہو۔آئیں ایک چھوٹی تصویر بناتے ہیں۔صبح سویرے، وہاں ایک اور گروہ ہے، وہاں جنت میں اب وہ یہاں نہیں ہیں۔

205- اب، آپ اچھے کیتھولک جو مقدسوں کی سفارش پر ایمان رکھتے ہیں، اگر آپ اپنی کلیسیا میں ایک مقدس سے بات کر رہے ہیں، وہ آدمی ایک گناہ گار ہے۔وہ جہنم میں ہے یا۔۔یا بہت عرصے سے اپنی عدالت کا انتظار کر رہا ہے۔اور اگر وہ مقدس تھا، تو وہ خدا کے جلال میں ہے اور وہاں سے واپس نہیں آ سکتا۔یہ ٹھیک ہے۔میں اِسے ثابت کر سکتا ہوں، خون۔۔بچھڑوں کا خون گنا ہوں کو نہیں لے جا سکتا، لیکن یسوع کے خون نے گناہوں کو طلاق دی۔

میں یسوع کو وہاں جنت میں جاتا دیکھ سکتا ہوں، جہاں ابرہام، اضحاق اور یعقوب اور دوسرے ہیں۔سموئیل اور تمام سب بھی وہیں ہیں۔میں اُسے دروازے پر دستک دیتے سُن سکتا ہوں،

(بھائی برنہم پلپٹ کو بجاتے ہیں)۔آمین۔اوہ، میں اِس سے پیار کرتا ہوں یہ مجھے ٹھیک کرتا ہے۔اب مذہبی سا محسوس کر رہا ہوں۔

میں اُسے وہاں دیکھ سکتا ہوں اور اُسے کہتے ہوئے سن سکتا ہوں،،کون باہر ہے؟ وہاں یہ کون ہے؟،،میں،،یہ ابرہام ہے جو بول رہا ہے۔یہ کون ہے؟

میں ابرہام کی نسل ہوں۔آمین، میں ابرہام کو دروازے تک آتا اور اُسے کھولتا دیکھ سکتا ہوں۔اُس نے کہا،،میں ابرہام کی نسل ہوں۔

دانی ایل نے کہا،،وہاں وہ پتھر ہے جسے پہاڑ میں سے کاٹا گیا۔

میں لوگوں کو کہتے ہوئے سُن سکتا ہوں، وہ وہاں ہے۔میں نے اُسے دیکھا ہے۔اُس کے پاؤں کے نیچے خاک ہے بادل حرکت کرتے ہیں جب وہ چلتا ہے۔انکے ہاتھ بندھے، پتے اور وہ

سب چلائے اوہ، میں جنت میں مختلف لوگوں کو دیکھ سکتا ہوں جو اُس کا انتظار کر رہے ہیں۔

208- میں اُسے کہتے ہوئے سُن سکتا ہوں، آجاؤ یہ یروشیلم میں دن چڑھ رہا ہے تمھیں یہاں سے جانا چاہیے ہم اوپر جا رہے ہیں کیونکہ تم نے بچھڑوں اور بکروں کے خون پر بھروسہ کیا۔ میرے خون کے وقت کا انتظار کرتے ہوئے۔ لیکن میرا خون کلوری پر بہت پہلے بہایا جا چکا۔ میں خدا کا مجسم بیٹا ہوں۔ تمام گناہوں کا کفارہ ادا کیا جا چکا۔ ہم باہر سڑک پر ہیں، خدا کی تعریف ہو۔ خدا کا جلال ہو۔

میں دیکھ سکتا ہوں کہ ابرہام نے سارہ کو بازو سے پکڑا ہوا ہے۔ متی 27 میں جب وہ باہر آیا ، میں اُسے سُن سکتا ہوں کہ وہ وہاں یروشیلم میں تھوڑی دیر کیلئے رُکا۔ اور پہلی چیز جس کے بارے میں آپ جانتے ہیں، میں بوڑھے کیفاس اور دوسروں کو گلی میں کھڑے یہ کہتے دیکھ سکتا ہوں،، وہ مجھے بتا رہے ہیں کہ وہ شخص جی اٹھا ہے۔۔۔ کہا وہاں کون شخص جا رہا ہے، وہ جوان لڑکا، جوان لڑکی؟

اب اور بوڑھا نہیں۔ وہ ابرہام اور سارہ تھے اور وہ غائب ہو گئے۔ انھوں نے دیکھا کوئی ہمیں دیکھ رہا ہے۔ وہ اِس طرح غائب ہوئے جیسے وہ دیوار سے غائب ہو گیا، اُسی طرح کا جسم۔ خدا کی تعریف ہو۔ یہ ٹھیک ہے۔ یہاں پر تمام انبیاء ہیں جو چل رہے ہیں اور شہر کے گرد دیکھ رہے ہیں۔

اور یسوع سیدھا ستاروں، چاند، بادلوں کے اوپر رہنمائی کر رہا تھا اور اسیر، اسیر کی رہنمائی کی۔۔۔؟۔۔۔ آدمیوں کیلئے تحفہ۔۔ یسوع آج باپ کے دائیں ہاتھ بیٹھا ہے، اوپر چڑھ گیا، نیچے آ گیا، جب تک اُس کے تمام دشمن اُس کے پاؤں کی چوکی بن گئے۔

212- اور آج میرے پیارے مسیحی دوست، شیاطین ہر ایک پر کام کر رہی ہیں اور دوسری طرف خدا کی روح حرکت کر رہی ہے تا کہ ہر وقت اُس کا توڑ کر سکے۔ خدا کی تعریف ہو۔ ہم یہاں

ہیں۔اخبارات،ڈائجسٹ اور ہر دوسری چیز اِس کا اعلان کر رہی ہے۔وہ اِسے دیکھ رہے ہیں۔وہ نہیں دیکھ سکتے کہ یہ کیا ہے۔یہ کیا ہے؟ یہ عظیم مقابلے کی حتمی پیشن گوئی ہے جو بہت جلد خدا اور شیطان کے درمیان ہونے جارہی ہے۔خدا کی طرف ہو جاؤ اور اپنے دلوں میں راست رہو۔آمین !

213- یہاں زیادہ عرصہ نہیں ہوا جب میں میٹنگ کر رہا تھا،،ٹومی ڈواوہاپیو،، میں۔میں اب ختم کرنے جارہا ہوں۔

آپ نے دیکھا کہ میرا شیاطین سے متلعق کیا مطلب ہے؟ وہ کام کر رہے ہیں۔وہ بہت مذہبی ہیں۔اتنے ہی مذہبی۔۔۔اوہ وہ ہر اتوار کلیسیا،، چرچ میں جاتے ہیں، رسولوں کا عقیدہ دہراتے ہیں اور مناجات گاتے ہیں۔اوہ،میرے،اُتنے ہی مذہبی جتنے کہ وہ ہو سکتے ہیں۔ بھائی برہینم،آپ کا مطلب ہے کہ یہ سچ ہے؟

یہ اُسی طرح کی روح ہے جس نے یسوع مسیح کو صلیب پر لٹکایا۔اور یسوع نے کہا،،تم اپنے باپ شیطان سے ہو۔

اب اُن میں سے کچھ نے کہا۔اوہ روس جو مخالف مسیح ہے۔کبھی نہیں۔روس مخالف مسیح نہیں ہے۔مخالف مسیح اتنا زیادہ مذہبی ہے کہ اگر ممکن ہو سکے تو وہ چُنے ہوئے کو بھی بیوقوف بنالے گا۔یادرکھیں،خدُا اپنے آدمیوں کو لے لیتا ہے لیکن اپنی روح کو نہیں۔شیطان اُس کے آدمیوں کو لے لیتا ہے مگر اُس کی روح کو نہیں۔اب،وہ یہاں ہیں،جو آپ کو مناسب لگے؟ میں صرف سچائی کیلئے ذمہ دار ہوں۔

217- شیاطین کام کر رہے ہیں۔۔کل میں نے انھیں جسمانی،،دنیاوی دائرہ اثر میں دکھایا، آج میں آپ کو انھیں روحانی دائرہ اثر میں دیکھارہا ہوں۔ جہاں وہ مذہبی دائرہ اثر میں ہیں، جہاں

وہ بہت عرصے سے تھے اور کینز کہلاتے تھے۔وہ اِسے یہ،،،وہ اور،،اور کچھ پکارتے ہیں۔لیکن میں نے بائبل سے آپ کو ثابت کر دیا شیاطین ہیں۔جب، یہاں پرآج،وہ پھر یہاں مذہبی دائرہ اثر میں ہیں،، بہت مذہبی اور پاک باز۔

اگر بھائی، آپ شروع کریں اور سوچیں۔قائن، بالکل اِس کے شروعات سے، بہت مذہبی آدمی تھا عیسو بہت مذہبی آدمی تھا۔ یہوداہ بہت مذاہبی آدمی تھا۔ یہ مذہب ہے۔ یہ باہر والی دنیا نہیں ہے۔ یہ اپنی ہی صفوں میں ہے۔ اِسے دیکھیں۔علم الاشیاطین۔ہوسکتا ہے کہ بعد میں کسی اور وقت میں تھوڑا اور اِس کے بارے میں بتاؤں، ہم لیٹ ہورہے ہیں۔

کسی کولعن طعن نہ کریں۔ ہرایک سے پیار کریں اگرآپ اپنے دل سے پیار نہیں کر سکتے تو پھر مسیح آپ کے ساتھ نہیں ہے۔

220- بولی وڈ،اوہاہیو میں میں ایک چھوٹے سے رسیٹورنٹ میں کھانا کھانے گیا، یہ ایک چھوٹی سی خوبصورت جگہ ہے وہ بہت اچھے لوگ تھے۔اُس سہ پہرانھوں نے کام بند کیا تاکہ سنڈے سکول جاسکیں۔اور جب وہ گئے تو میں گلی کے دوسری طرف ایک پرانی دنیاوی چھوٹی سی دنیا میں گیا اور وہاں تک چلا۔اور مجھے پتہ ہے کہ اوہاہیو میں جوا غیر قانونی ہے۔اور وہاں ایک ریاست کی پولیس کا آدمی کھڑا تھا۔ اِس کا بازو ایک لڑکی کی چھاتی پر تھا، اور وہ ایک میشن سے کھیل رہا تھا۔ ہماری ریاستوں اور ملک کا قانون سب ختم ہوگیا ہے۔قابلِ رحم۔

میں مضبوط چٹان، مسیح پر بھروسہ رکھتا ہوں، دوسرے تمام میدان دھنے والی ریت ہیں۔کچھ باقی نہیں رہا۔ یہ ٹھیک ہے۔

222- میں نے پیچھے دیکھا تو وہاں ایک خوبصورت نوجوان لڑکی تھی،شاید انیس، اٹھارہ،انیس سالوں کی۔اور وہ وہاں کیا کررہے تھے۔وہ لڑکے اُسکے میز کے گرد، یہ ہیبت ناک تھا۔میں وہاں

بیٹھ گیا۔ اور میں حیران ہوگیا جب وہاں بیٹھتے ہی ایک عورت وہاں آئی، اور کہا،، کیا آپکو ایک کرسی کی ضرورت ہے؟

میں نے کہا،، شکریہ۔ میں ناشتہ کرنا چاہتا ہوں۔

اور وہاں کرسی پر بیٹھے ہوئے، ایک بوڑھی عورت بیٹھی ہوئی تھی میری ماجتنی بوڑھی، پچپن یا اٹھاون سال کی۔ اُس کے پاس اُس غیر شائستہ کپڑے کا جوڑا تھا جو وہ پہنتی ہیں۔

وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ بہت زبردست ہے۔ سائنس کہتی ہے۔ تم خبطی ہو۔ یقیناً ایسا نہیں ہے۔ آپ صرف اپنے آپ کو برہنہ پیش کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ایک باعث شرم اور بے عزتی کی بات ہے۔ ایک مذہبی عورت انھیں نہیں پہنے گی مگر ایک عورت پہن لے گی مگر ایک مہذب عورت نہیں۔

225- اور پھر، چنانچہ وہ۔۔۔۔ وہاں وہ بیٹھی ہوئی تھی۔ اُس کا جسم کمزور تھا۔ اس کے ہونٹوں پر باغیچوں میں لگانے والی کھاد کی طرح کوئی چیز تھی۔ آپ اُسے کیا کہتے ہیں اور ایک آدمی کی طرح چھوٹے بال اور اِدھر اُدھر اُڑ رہے تھے۔ بائبل نے کیا کہا۔ یہ ایک باعث ذلت بات ہے۔ اور ایک عورت، ایک مرد۔۔

بائبل کہتی ہے کہ اگر ایک عورت اپنے بال کٹھاتی ہے تو مرد کو یہ حق ہے کہ اُسے طلاق دے کیونکہ وہ اُس کے ساتھ مخلص نہیں ہے ہمیں اِن دنوں میں بائبل کی منادی کرنی چاہیے ان چیزوں کے بارے میں۔ اگر وہ اپنے بالوں کو اوپر نیچے کرتی ہے تو وہ اپنے شوہر کو رُسوا کرتی ہے۔ اگر وہ عزت کے قابل نہیں تو اُسے الگ کر دینا چاہیے۔ آپ دوسری سے شادی نہیں کر سکتے مگر آپ اُسے الگ کر سکتے ہیں۔ واہ، جناب، یہ بہت سخت بات ہو رہی ہے۔ میں اِسے محسوس کر سکتا ہوں۔ لیکن یہ سچائی ہے۔

227- اوہ، ہمیں اِسے روح القدس کے داہرۂ اثر میں رکھا کرتے تھے لیکن ہم نے درجات نیچے کر دیئے۔ بڑے بھائی کہا کرتے تھے۔ ہم درجات کو کم کرتے ہیں، ہم درجات کو کم کرتے ہیں۔ ہم نے گناہ کیساتھ سمجھوتہ کرلیا ہے۔ ہم درجات کو کم کرتے ہیں۔ بھیڑیں باہر جاتی ہیں لیکن بکریاں کیسے اندر آجاتی ہیں؟ آپ درجات کو کم کرتے ہیں۔ یہ ہی مسلئہ ہے آپ درجات کو کم کرتے ہیں، دنیا اور کلیسیا آپس میں مدغم ہو جاتے ہیں جیسے کہ موآب اور اِسی طرح اور بلہام اور کیسے اُس نے اُن میں شادی کی، یہ بالکل اُسی طرح آجکل ہے۔ اور کلیسیا ہر طرح سے آلودہ ہے، اور پینٹی کاسٹل دور لدو یکیہ کا دور ہے۔ جو نیم گرم ہو جاتا ہے اور خدا کے منہُ سے باہر پھینکا جاتا ہے۔ اور تمام گروہ میں سے خدا اپنے بقیہ کو بلاتا ہے اور اُسکے گھر لے جاتا ہے (یہ بالکل درست ہے یہ بالکل ٹھیک ہے) زندہ ہونے کے وسیلے سے

228- وہ وہاں وہ بیٹھی ہوئی تھی۔ ہونٹوں کی سجاوٹ اور یہ ہر طرف ایسا ہی تھا۔ اور اُس کی آنکھوں میں کوئی کالی چیز لگی ہوئی تھی اور وہ پینے سے شرابور تھی۔ وہ نیچے گر رہا تھا۔ اور اُس بے چاری بوڑھی کے پوتے، پڑپوتے بھی ہو سکتے تھے۔ اور وہ وہاں دو بوڑھے مردوں کے ساتھ بیٹھی تھی اور اُن میں سے ایک کے گلے میں بڑا سا مفلر/سکارف تھا اور یہ جون میں وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ اور وہ اٹھ گیا اور لگتا تھا کہ نشے میں تھا اور وہ بھی پی رہی تھا اور اِردگرد دیکھ رہی تھی۔

میں نے سوچا،، او خدایا۔ خدایا تو کیوں اِس چیز کو یہاں سے ہٹا کیوں نہیں دیتا؟ کیوں نہیں۔۔۔ کیا میری چھوٹی شاُرن میری چھوٹی بچی، میری چھوٹی سارہ اور میری چھوٹی ربقہ کو اِس نسل اور اِس طرح کی چیزوں کا سامنا کرنا پڑے گا؟ میں نے سوچا،، یہاں اِن پارکوں اور چیزوں کو دیکھو کہ کیا ہو رہا ہے۔ میں نے سوچا،، اور خدایا۔ اوہ میں خوش ہوں کہ تُو نے شارون کو لے لیا اگر یہ رتیری مرضی تھی۔ کیا میری چھوٹی ربقہ اور چھوٹی سارہ کو اِس نسل اور ایسی چیزوں کے ساتھ پرورش

پانا پڑے گی؟ جس کے بارے میں لوگ ،اور کوائر کہتے اور گاتے ہیں۔اور میں نے سوچا،،کیا یہ شرمناک نہیں؟ میں نے سوچا،،خدایا، تیرا راست باز کیسے اِس کے آگے کھڑا ہوسکتا ہے؟ ایسے لگتا ہے کہ تیری راست غیرت اڑے گی اور اِس جگہ کو بھسم کردے گی۔

230- اور میں نے خداوند کے فرشتے کو سُنا،،اِیک طرف ہو جاؤ،، میں وہاں گیا۔اور جب وہ مجھ سے ہوکر گزرا تو میں نے اپنے آپ کو ایک فرق آدمی محسوس کیا۔تم اُسے کس چیز کیلئے ملامت کرر ہے ہو۔؟

میں نے کہا،،اُس کی طرف دیکھو کہ وہ کیسی ہے۔اور یہاں پر وہ۔۔۔

میں نے ایک رویا دیکھی۔ میں نے اِس طرح کی ایک دنیا دیکھی،ایک دوسری دُنیا۔اور اِس دنیا میں، یہاں قوس قزح تھی اور وہاں مسیح کا خُون جو خدا کے غضب سے بچاتا ہے۔وہ اس طرف نہیں دیکھ سکتا تھا۔وہ۔۔اُس چیز کو اُسی وقت تباہ کرسکتا تھا کیونکہ اُس نے کہا،،جس دن تُو نے اُس میں سے کھایا تُو مُرا،، چنانچہ وہ ویسا ہی کرے گا۔

پھر میں نے اِسطرح سوچا، میں اپنے آپکو دیکھ چکا ہوں۔اگر چہ میں وہ نہیں،لیکن پھر بھی میں ایک گناہ گار تھا۔اور پھر یسوع مسیح کا خون ہمارے لیئے ایک روک کا کام کرتا ہے، دیکھا؟ اور جب میں گناہ کرتا ہوں میرے گناہ اُس سے ٹکراتے ہیں اور اُس کے بیش قیمت سر سے ٹکراتے ہیں اور میں خون اور آنسوؤں کو گرتے ہوئے دیکھ سکتا ہوں۔باپ اُسے معاف کردے، وہ نہیں جانتا کہ وہ کیا کرر ہا ہے اور میں کچھ اور کروں گا اور اُسے چوٹ پہچاؤں گا، باپ اُسے معاف کر۔

233- اگر کبھی یہ اُس پر ہوتا تو میں تباہ ہو چکا ہوتا۔اور اگر میں کبھی اُس کے فضل کو قبول نہ کرتا اور میری روح اُس سے آگے جاتی تو میرا انصاف،، فیصلہ ہو چکا ہوتا۔خدا نے کہا،،جس دن تم نے اُس میں سے کھایا،تو مرا،، اِس سہ پہر ہی انصاف کے تحت پر آپ جانچے جا چکے ہیں۔اپنے رویے جو کہ

مسیح یسوع کی طرف ہے اِسکی بنا پر۔

اور پھر میں نے سوچا،، ہاں یہ ٹھیک ہے،، اور ایک دن میں نے دیکھا کہ میں اُس کی طرف رینگتا ہوا گیا۔ میں نے اپنی پُرانی کتاب وہاں پڑی دیکھی، ایک گنا گار، وہاں ہر چیز پڑی ہوئی تھی۔ اور میں نے اپنے گناہوں کو دیکھا کہ کیا انھوں نے کیا کیا، اور میں نے کہا، خداوند تُو مجھے مُعاف کرے گا۔

اُس کے ہاتھ کو اُس کی طرف لیا، تھوڑا خون باہر نکلا، اوپر کچھ لکھا اور کہا، معاف کر دیا۔ اُس کو بھول جانے والے سمندر میں پھینکا تا کہ پھر یاد نہ رکھا جائے۔ یہ ہمیشہ کیلئے چلا گیا۔ اُس نے کہا،، میں تمھیں معاف کرتا ہوں، مگر تم اُسے لعن طعن کر رہے ہو۔

اِس نے میرا ذہن تبدیل کر دیا۔ میں نے کہا،، خداوند رحم کر۔

236- جب میں اِس سے باہر نکلا، میں چلا اور بیٹھ گیا۔ میں نے کہا، میڈم،، خاتون، آپ کیسی ہیں؟

اُس نے کہا، او جناب کیسے ہیں؟

میں نے کہا،، کیا آپ مجھے معاف کریں گی، میں نے کہا، میں ریورنڈ برینہم، ایک خادم،،

میں نے کہا،، خاتون۔،، میں۔۔۔اُسے ساری کہانی بتائی۔ میں نے کہا،، میں وہاں کھڑا تھا۔ اور میں سوچ میں آپ کو ملامت کر رہا تھا۔ یہ کتنی غلط بات ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے ہوں۔

اُس نے کہا،، جی ہیں۔

میں نے کہا،، کیا ہوا کہ آپ غلط راستے پر چل پڑیں؟ اُس نے مجھے اپنی کہانی بتانا شروع کی جو کسی کے بھی دِل کو پھاڑ کر رکھ دے گی۔ میں نے کہا،، میں۔ خدا سے پوچھ رہا تھا کہ وہ ایسی چیز کو

ختم کیوں نہیں کرتا؟ یہاں تم اِن دو شرابیوں کے ساتھ، اور تم خود بھی شراب میں دُھت۔ اور میں نے کہا،، کسی دن وہ خون جو خدا کے غضب کو روکے ہوئے ہے، تم اِن دونوں مر بھی سکتی ہو۔ اور پھر تم۔۔تم ایک، ایک آزاد انسان ہو، تم حاصل یا رد کرسکتی ہو۔ اور میں نے کہا،، لیکن کسی دن تمھاری روح وہاں سے آگئے جائے گی۔ جہاں پر کوئی رحم باقی نہیں ہوگا۔ اور اگر تم اپنے گناہوں میں مرتی ہو اور تمھارے بارے میں پہلے ہی فیصلہ ہو چکا اور تم دوزخ میں جاؤ گی۔

اور کیا آپ کو پتہ ہے؟ وہ عورت ریسٹورنٹ کی جگہ سے اُٹھی اور ہم نے اکٹھے دُعا کی جیسی شاید آپ نے کبھی اپنی زندگی میں نہ کی ہو اور وہ مسیح کے پاس آ گئی۔ یہ کیا تھا۔ انجیل کہتی ہے کہ اُنکے اُوپر لعن طعن نہ کرو۔ وہ ابلیس کے قبضے میں ہیں۔ وہ اِس دنیا میں فانی ہیں۔ وہ یہاں سے اثر لیتے ہیں۔ ہمارا اثر اوپر سے آتا ہے۔ آئیں دیکھتے ہیں کہ ہم اپنے توڑوں کے ساتھ دوسروں کو کیسے مسیح کیلئے جیت سکتے ہیں۔

241- ہمارے آسمانی باپ، تیری اچھائی اور رحم کیلئے تیرا شکریہ۔ خداوند میں معذرت خواہ شاید میں نے لوگوں کو یہاں بہت دیر تک روکے رکھا۔ لیکن اِس سہ پہر اِس طرح کی میٹنگ کے اختتام پر میں انھیں شیاطین کے بارے میں بتانا چاہتا تھا۔ اور میں نے ایک ہی جگہ،، نشت میں یہ سب کر ڈالا، ایک خطبے،، وعظ میں۔ لیکن ہوسکتا ہے کہ وہ اِس میں سے تھوڑا تھوڑا چُن لیں سمجھ لیں کہ میرا کیا مطلب تھا۔ تو میرے دل کے خیالات کو جانتا ہے کہ میں کیوں یہ لانا چاہتا تھا۔

آج سہ پہر جب لوگ یہاں سے جائیں اور مرد اور عورتیں ہر حرکت جو وہ کرتے ہیں اُس کو دیکھیں، لیکن خوش اور آزاد رہیں۔ وہ خدا کو جانیں اور بچ جائیں۔ اور وہ اُس کی طرف دیکھیں، تمام تعلیمات اور اپنے گرد چیزوں کو بھول جائیں اور خدا کے خوف میں بُردباری اور اطمینان سے رہیں۔ اور پھر، خدایا جب تو انھیں کسی چیز کیلئے استعمال کرنا چاہے، تو اُن سے براہ راست مخاطب ہو

اور اُن کو وہاں بھیجے جہاں تو چاہتا ہے کہ وہ جائیں یا جو بھی تُو چاہتا ہے کہ وہ کریں۔لوگ عاجز بنیں اور اپنے دلوں میں مسیح کو پائیں۔ہمیں معاف کر خداوند،اور ہم میں سے ہر ایک کی خامیوں کو۔

243- اور ہم جانتے ہیں کہ۔۔کہ شیطان گرجتے ہوئے شیر کی مانند جاتا ہے۔ہر جگہ، پھاڑتا کھاتا جیسے وہ چاہتا ہے، مذہبی لبادے پہنے ہوئے۔اے خدا، یہ چھوٹے بچے ان پر نظر کر جو ہر جگہ ہیں۔وہ ظاہر ہیں اور لوگوں کیلئے کھُلے ہوئے ہیں۔اور اے خدا میں تجھ سے دُعا کرتا ہوں کہ تو رحم دل ہو اور تمام کھوئے ہوؤں کو بچا، بیماروں کو شفا دے۔اور، خدا، ہم احساس کرتے ہیں وہ تمام پرانے بیماری کے شیاطین تیرے بچوں کی طرف آتے ہیں کہ تو نے قدیم سے کنارہ دے دیا کہ اِس چیز کا خیال کرے اور تمام شیاطین جو گناہ کا موجب بنتے ہیں تُو نے قدیم سے کفارہ دے دیا کہ اِس چیز کا خیال رکھے۔میں دُعا کرتا ہوں تو یہ یسوع کے نام میں عنایت کرے گا۔آمین۔

☆☆☆☆☆☆☆